برائے طلبہ وطالبات تنظیم المدارس پاکستان

قواعد الصرف

مؤلف
حافظ احمد حسن کیلانی

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

Scanned with CamScanner

قواعد الصرف

مؤلف

حافظ احمد حسن کیلانی

★ مدینہ کتب خانہ ★
مچھلی بازار بورے والہ

ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور۔کراچی پاکستان

Scanned with CamScanner

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب	قواعد الصرف
مصنف	حافظ احمد حسن کیلانی مجددی نقشبندی
	مدرس دار العلوم محمدیہ غوثیہ، بھیرہ شریف
اشاعت	ستمبر 2003ء
تعداد	ایک ہزار
ناشر	ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور
کمپیوٹر کوڈ	1Z379
قیمت	-/42 روپے

ملنے کے پتے

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

داتا دربار روڈ، لاہور۔ 7221953 فیکس:۔ 042-7238010

9۔ الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔ 7225085-7247350

14۔ انفال سنٹر، اردو بازار، کراچی

فون:۔ 021-2210212-2212011-2630411

e-mail:- zquran@brain.net.pk

Website:- www.ziaulquran.com

فہرست مضامین

تقریظ	5
عرض ناشر	6
صرف کی تعریف، موضوع اور مقصد	7
فعل کی اقسام	8
اسم کی اقسام	9
شش اقسام	10
صرف کبیر	12
فعل ماضی کی بحث	13
ماضی مجہول کا بیان	17
ماضی کی اقسام	19
فعل مضارع کا بیان	23
مضارع منصوب	26
مضارع مجزوم	29
مضارع مؤکد	32
فعل امر	36
فعل نہی	39
اسمائے مشتقہ	41
اسم مفعول	42
صفت مشبہ	44
اسم مبالغہ	46
اسم تفضیل	47
اسم آلہ	48
اسم ظرف	49
ثلاثی مجرد	51
ثلاثی مزید فیہ کے ابواب	55
رباعی کا بیان	58
غیر ثلاثی افعال اور اسماء کیلئے چند قواعد	59
ثلاثی مزید فیہ کی گردانیں	60
رباعی کی گردانیں	67
ثلاثی مزید ملحق برباعی	70
ملحق برباعی مزید فیہ	72
صحیح و معتل	74
مہموز کا بیان	76
مہموز کے ابواب	78
ثلاثی مزید فیہ	80
مضاعف کا بیان	82

ثلاثی مجرد کے ابواب	84
مضاعف ثلاثی مزید فیہ کے ابواب	87
تائے افتعال کے احکام	90
مثال کا بیان	93
اجوف کا بیان	98
اجوف ثلاثی مجرد کے ابواب	101
اجوف ثلاثی مزید فیہ کے ابواب	109
ناقص کا بیان	113
بواب ناقص کا بیان	115
صرف صغیر	119
متفرق قاعدے	122
لفیف کا بیان	123
صرف صغیر از باب ضَرَبَ، یضرِبُ (وَقَایۃٌ)	125
مزید فیہ کے ابواب	128
خواص ابواب	134
مصدر کے اوزان	136
فعل اصل ہے یا مصدر؟	137
نسبت کا بیان	141
اسم تصغیر کا بیان	145
مشکل صیغوں کا بیان	148

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الحمد للّٰہ رب العالمین الرحمٰن الرحیم والصلوٰت والسلام علیک یا نبی الکریم وعلی الہٖ واصحابہٖ اجمعین

عربی زبان، اسلامی تمدن وتہذیب کی وارث اور علمی نوادر وذخائر کی امین ہونے کے ساتھ ساتھ اسلامی علوم وفنون کا سرچشمہ بھی ہے۔ تمام قابل ذکر فنون اپنی ابتدائی اور انتہائی ہیئت میں اسی علمی زبان میں موجود ہیں اور عربی زبان کو جاننے کیلئے صرف ونحو پر عبور حاصل ہونا مفتاح کی حیثیت رکھتا ہے۔ فی زمانہ اس موضوع پر بے شمار کتب بڑی شرح وبسط سے تصنیف ہو چکی ہیں۔ جس سے علم صرف ونحو کی اہمیت اظہر من الشمس ہے۔

میں نے تقریباً تمام کتب کا مطالعہ کیا جو اپنی تحریر اور اسلوب کے لحاظ سے توجہ کا مرکز ہیں۔ لیکن مجھے ان میں کچھ ثقل محسوس ہوا۔ جو ہمارے دینی مدارس کی طالبات کیلئے باعث تشویش ہے۔ لہٰذا استاذی المکرّم مولانا ملک محمد بوستان صاحب نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ میں انتہائی سہل اور دلنشین انداز میں صرف کے قواعد وضوابط جمع کروں۔ لہٰذا میں نے اس خواہش کے پیش نظر طالبات کے اذہان کو مدنظر رکھتے ہوئے اسلوب کو آسان کرنے کی حتی المقدور کوشش کی ہے اور امید ہے کہ یہ کاوش مدرسین اور طلباء کیلئے یکساں مفید ہوگی۔

تاہم پھر بھی بشری تقاضا کے مطابق کوئی غلطی ہو تو از راہ کرم ضرور آگاہ فرمائیں تاکہ یہ کتاب ان عیوب سے پاک اور منزہ ہو۔ اللہ تعالیٰ میری اس حقیری سی کاوش کو شرف قبولیت عطا فرمائے اور طالبات کو اس سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہونے کی توفیق ارزانی فرمائے۔ (آمین ثم آمین)

ربنا تقبل منی انک انت السمیع العلیم

حافظ احمد حسن کیلانی

فاضل ومدرس دارالعلوم محمدیہ غوثیہ

بھیرہ شریف

Scanned with CamScanner

عرض ناشر

طالبات کے مدارس دینیہ جو اس وقت کام کر رہے ہیں ان کے منتظمین سے وقتاً فوقتاً ملاقاتیں ہوتی رہتی ہیں۔ وہ ہمیں بڑی محبتوں اور شفقتوں سے نوازتے ہیں اور ہماری مطبوعات پر اعتماد کا اظہار کرتے ہیں۔

جس پر ہم ان کے بے حد شکرگزار ہیں۔

ان میں سے بعض احباب نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ طالبات کے مدارس دینیہ میں پڑھائی جانے والی کتب کی نئی تدوین کرائی جائے۔

ان کتب کی یہ خصوصیات ہوں۔

1۔ اسلوب انتہائی آسان ہوں۔

2۔ موضوع سے متعلق ضروری مباحث اس میں شامل ہوں۔

3۔ طالبات کو سبق یاد کرنے میں آسانی ہو۔

گوناگوں مصروفیات کے باعث ان کی خواہش کو عملی جامہ نہ پہنایا جاسکا۔ تاہم جستجو کا سلسلہ جاری رہا کچھ عرصہ پہلے ادارہ ضیاء المصنفین بھیرہ کا قیام عمل میں لایا گیا تو احباب کی آرزو کو پیش کیا۔ جس کے نتیجہ میں یہ علمی کاوش طالبات کے مدارس دینیہ کو پیش کرنے کے قابل ہوئے۔

اس علمی کاوش کا سہرا حافظ احمد حسن کیلانی صاحب کے سر ہے۔ جو دار العلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف کے فاضل اور مدرس ہیں۔

ضیاء القرآن ادارہ نے اس کی طباعت میں اپنے معیار کو قائم رکھتے ہوئے پوری کوشش کی ہے اور اپنی تمام صلاحیتیں صرف کی ہیں۔

امید ہے آپ ہماری کاوش کو پسند فرمائیں گے۔

آپ کی دعاؤں کا طالب

محمد حفیظ البرکات شاہ

سبق نمبر 1

صرف کی تعریف

صرف کا لغوی معنی پھیرنا ہے اور اصطلاح میں وہ علم ہے جس میں کلمات بنانے اور ان میں تبدیلی کرنے کے قواعد بیان کئے جائیں۔

موضوع:۔ صرف کا موضوع صیغہ ہے۔

مقصد:۔ صرف کا مقصد یہ ہے کہ انسان کلمات کا صحیح تلفظ کر سکے۔

کلمہ کی تعریف اور اقسام

تعریف:۔ مفرد اور با معنی لفظ کو کلمہ کہتے ہیں۔

اقسام:۔ کلمہ کی تین قسمیں ہیں: (1) اسم (2) فعل (3) حرف۔

اسم:۔ اسم وہ کلمہ ہے جو تنہا اپنے معنی بتائے اور اس میں کوئی زمانہ نہ پایا جائے جیسے کِتَابٌ، رَجُلٌ (مرد)۔

فعل:۔ فعل وہ کلمہ ہے جو اکیلا اپنے معنی بتائے اور اس میں کوئی زمانہ بھی پایا جائے جیسے ضَرَبَ (اس نے مارا)، یَضْرِبُ (وہ مارتا ہے یا مارے گا)۔

حرف:۔ حرف وہ کلمہ ہے جو دوسرے کلمہ کے ساتھ مل کر معنی مکمل کرے جیسے مِنْ (سے)۔

Scanned with CamScanner

سبق نمبر 2

فعل کی اقسام

فعل کی مختلف اعتبارات سے تقسیم کی گئی ہے۔

(i) زمانہ کے اعتبار سے فعل کی تین قسمیں ہیں: (1) ماضی (2) مضارع (3) امر۔

(ii) نسبت کے اعتبار سے فعل کی دو قسمیں ہیں: (1) معروف (2) مجہول۔

معروف:۔ وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو۔ جیسے ذَهَبَ زَيْدٌ (زید گیا)، قَتَلَ الْكَلْبُ الْقِطَّ (کتے نے بلی کو قتل کیا)۔

مجہول:۔ وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو۔ جیسے قُتِلَ السَّارِقُ (چور مارا گیا)۔

(iii) مفعول بہ کے اعتبار سے فعل کی دو قسمیں ہیں: (1) لازم (2) متعدی۔

لازم:۔ جو فعل صرف فاعل سے مل کر مکمل جملہ بن جائے اسے فعل لازم کہتے ہیں۔ جیسے ذَهَبَ الْوَلَدُ (لڑکا گیا)۔

متعدی:۔ وہ فعل جسے فاعل کے علاوہ مفعول بہ کی بھی ضرورت ہو۔ جیسے ضَرَبَ زَيْدٌ بَكْرًا (زید نے بکر کو مارا)۔

(iv) گردان ہونے یا نہ ہونے کے لحاظ سے فعل کی دو قسمیں ہیں: (1) جامد (2) متصرف۔

جامد:۔ وہ فعل جس کی ایک ہی صورت ہو اور اس سے باقی صیغے نہ بن سکتے ہوں جیسے عَسٰى، نِعْمَ، لَيْسَ۔

متصرف:۔ وہ فعل ہے جس سے تمام افعال اور اسمائے مشتقہ کی گردانیں آتی ہوں جیسے ضَرَبَ، زَلْزَلَ۔

سبق نمبر 3

اسم کی اقسام

اسم کی تین قسمیں ہیں: (1) مصدر (2) مشتق (3) جامد۔

مصدر:۔ اس کا لغوی معنی جائے صدور (نکلنے کی جگہ) ہے اور اصطلاح میں وہ اسم ہے جس میں کسی کام کا کرنا، ہونا یا سہنا پایا جائے اور جس سے مختلف قسم کے افعال اور اسماء بنائے جائیں۔ جیسے ضَرْبٌ (مارنا)، دُخُوْلٌ (داخل ہونا)، صَبْرٌ (صبر کرنا)۔

مشتق:۔ اس کا لغوی معنی نکالا ہوا ہے اور اصطلاح میں اس سے مراد وہ اسم ہے جو فعل سے نکالا گیا ہو۔ جیسے مِنْصَرٌ، مَنْصَرٌ (یہ یَنْصُرُ فعل سے بنائے گئے ہیں)۔

جامد:۔ وہ اسم جو نہ مشتق ہو اور نہ مصدر ہو اسے جامد کہتے ہیں۔ جیسے رَجُلٌ، غُصْنٌ۔

جامد کی اقسام

تعداد حروف کے اعتبار سے اسم جامد کی چھ قسمیں ہیں۔

(1) ثلاثی مجرد جیسے رَجُلٌ (2) ثلاثی مزید فیہ جیسے حِمَارٌ (3) رباعی مجرد جیسے جَعْفَرٌ (4) رباعی مزید فیہ جیسے قِرْطَاسٌ (کاغذ) (5) خماسی مجرد جیسے سفرجلٌ (بہی دانہ) (6) خماسی مزید فیہ جیسے قَبَعْثَرٌ۔

Scanned with CamScanner

سبق نمبر 4

ششِ اقسام

مادہ کے اعتبار سے کلمہ کی جو اقسام ہیں انہیں شش اقسام کہا جاتا ہے اور وہ درج ذیل ہیں: (1) ثلاثی مجرد (2) ثلاثی مزید فیہ (3) رباعی مجرد (4) رباعی مزید فیہ (5) خماسی مجرد (6) خماسی مزید فیہ

ثلاثی مجرد:۔ جس میں تین حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد نہ ہو جیسے ظَلَمَ، زَمَنٌ۔

ثلاثی مزید فیہ:۔ جس میں تین حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد بھی ہو جیسے اَظْلَمَ، زَمَانٌ۔

رباعی مجرد:۔ جس میں صرف چار حروف ہوں اور چاروں اصل ہوں۔ جیسے زَلْزَلَ، جَعْفَرٌ۔

رباعی مزید فیہ:۔ جس میں چار حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد بھی ہو۔ جیسے تَزَلْزَلَ، قِنْدِيْلٌ (شمع)۔

خماسی مجرد:۔ جس میں پانچ حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد نہ ہو۔ جیسے سَفَرْجَلٌ۔

خماسی مزید فیہ:۔ جس میں پانچ حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد بھی ہو۔ جیسے قَبَعْثَرٌ (بڑا اور سخت زبردست اونٹ)۔

(اصلی اور زائد حروف کی پہچان)

ماہرین فن صرف نے حرف اصلی اور زائد کی پہچان کے لئے ف، ع، ل کو میزان قرار دیا ہے۔ پس جو حرف ف، ع، ل کے مقابلہ میں ہو وہ اصلی اور جو ان کے مقابلہ میں نہ ہو وہ زائد ہے۔ جیسے نَصَرَ بروزن فَعَلَ، يَنْصُرُ بروزن يَفْعُلُ اس میں ''ی'' زائد ہے، نَاصِرٌ بروزن فَاعِلٌ اس میں ''الف'' زائد ہے۔ مَنْصُوْرٌ بروزن مَفْعُوْلٌ اس میں ''میم اور واؤ''

زائد ہیں اور بعض کے نزدیک جو حرف کلمہ کی تمام تبدیلیوں میں قائم رہے وہ اصلی ہے اور جو بدلتا رہے وہ زائد ہے۔ جیسے مذکورہ مثالوں میں ''ن، ص، ر'' تمام کلمات میں موجود ہیں لہٰذا یہ تینوں اصلی ہیں اور باقی حروف جو ایک کلمہ میں ہیں اور دوسرے میں نہیں وہ زائد ہیں۔

تمرین

1۔ علم صرف کی تعریف، مقصد اور موضوع بیان کریں۔

2۔ کلمہ کی تعریف اور اقسام بتائیں۔

3۔ تعدادِ حروف کے اعتبار سے اسم جامد کی اقسام بمع امثلہ بیان کریں۔

4۔ نسبت کے اعتبار سے فعل کی کتنی اقسام ہیں۔ نام اور مثالیں بیان کریں۔

Scanned with CamScanner

سبق نمبر 5

صرفِ کبیر

عربی میں ہر فعل کے چودہ صیغے آتے ہیں۔ قیاس کا تقاضا تو یہ تھا کہ کل اٹھارہ صیغے آتے کیونکہ فعل کا تعلق فاعل سے ہوتا ہے اور فاعل کبھی واحد، کبھی تثنیہ اور کبھی جمع ہوتا ہے اور پھر کبھی غائب، کبھی حاضر اور کبھی متکلم ہوتا ہے جبکہ ہر صورت میں مذکر یا مونث ہوتا ہے۔

مگر متکلم کے صرف دو صیغے آتے ہیں۔ واحد متکلم اور جمع متکلم یعنی واحد متکلم دو صیغوں اور جمع متکلم چار صیغوں کے قائم مقام ہے اس طرح باقی چودہ صیغے رہ جاتے ہیں اور ان چودہ صیغوں کو ملا کر پڑھنے کا نام صرفِ کبیر ہے۔ جس کی مزید وضاحت گردانوں میں آئے گی۔

سبق نمبر 6

فعل ماضی کی بحث

تعریف:۔ ماضی کا لغوی معنی ہے "گزرا ہوا" اور اصطلاح میں اس سے مراد وہ فعل ہے جو گزشتہ زمانے میں کسی کام کے واقع ہونے پر دلالت کرے۔

بنانے کا طریقہ:۔ ماضی معروف مصدر سے بنتا ہے اور اس میں کم از کم تین حروف ہوتے ہیں۔ پہلے حرف کو "ف" کلمہ دوسرے کو "ع" کلمہ اور تیسرے کو "ل" کلمہ کہتے ہیں۔ ماضی معروف بنانے کے لئے "ف" کلمہ پر فتحہ "ع" کلمہ پر کبھی فتحہ، کبھی کسرہ اور کبھی ضمہ اور "ل" کلمہ پر ہمیشہ فتحہ آتا ہے۔ اس طرح ماضی معروف کے تین وزن بنتے ہیں۔ فَعَلَ، فَعِلَ، فَعُلَ۔

ضَرَبَ بروزن فَعَلَ کی گردان

گردان	معنی	صیغہ
ضَرَبَ	اس ایک مرد نے مارا	واحد مذکر غائب
ضَرَبَا	ان دو مردوں نے مارا	تثنیہ مذکر غائب
ضَرَبُوْا	ان سب مردوں نے مارا	جمع مذکر غائب
ضَرَبَتْ	اس ایک عورت نے مارا	واحد مؤنث غائب
ضَرَبَتَا	ان دو عورتوں نے مارا	تثنیہ مونث غائب
ضَرَبْنَ	ان سب عورتوں نے مارا	جمع مونث غائب
ضَرَبْتَ	تو ایک مرد نے مارا	واحد مذکر مخاطب
ضَرَبْتُمَا	تم دو مردوں نے مارا	تثنیہ مذکر مخاطب
ضَرَبْتُمْ	تم سب مردوں نے مارا	جمع مذکر مخاطب

Scanned with CamScanner

ضَرَبْتِ	تو ایک عورت نے مارا	واحد مونث مخاطب
ضَرَبْتُمَا	تم دو عورتوں نے مارا	تثنیہ مونث مخاطب
ضَرَبْتُنَّ	تم سب عورتوں نے مارا	جمع مونث مخاطب
ضَرَبْتُ	میں نے مارا	واحد متکلم
ضَرَبْنَا	ہم نے مارا	جمع متکلم

سَمِعَ بروزن فَعِلَ

گردان	معنی	صیغہ
سَمِعَ	اس ایک مرد نے سنا	واحد مذکر غائب
سَمِعَا	ان دو مردوں نے سنا	تثنیہ مذکر غائب
سَمِعُوْا	ان تمام مردوں نے سنا	جمع مذکر غائب
سَمِعَتْ	اس ایک عورت نے سنا	واحد مؤنث غائب
سَمِعَتَا	ان دو عورتوں نے سنا	تثنیہ مونث غائب
سَمِعْنَ	ان سب عورتوں نے سنا	جمع مونث غائب
سَمِعْتَ	تو ایک مرد نے سنا	واحد مذکر مخاطب
سَمِعْتُمَا	تم دو مردوں نے سنا	تثنیہ مذکر مخاطب
سَمِعْتُمْ	تم سب مردوں نے سنا	جمع مذکر مخاطب
سَمِعْتِ	تو ایک عورت نے سنا	واحد مونث مخاطب
سَمِعْتُمَا	تم دو عورتوں نے سنا	تثنیہ مونث مخاطب
سَمِعْتُنَّ	تم سب عورتوں نے سنا	جمع مونث مخاطب
سَمِعْتُ	میں نے سنا	واحد متکلم
سَمِعْنَا	ہم نے سنا	جمع متکلم

شَرُفَ بروزن فَعُلَ

گردان	معنی	صیغہ
شَرُفَ	وہ ایک مرد شریف ہوا	واحد مذکر غائب
شَرُفَا	وہ دو مرد شریف ہوئے	تثنیہ مذکر غائب
شَرُفُوْا	وہ سب مرد شریف ہوئے	جمع مذکر غائب
شَرُفَتْ	وہ ایک عورت شریف ہوئی	واحد مؤنث غائب
شَرُفَتَا	وہ دو عورتیں شریف ہوئیں	تثنیہ مونث غائب
شَرُفْنَ	وہ سب عورتیں شریف ہوئیں	جمع مونث غائب
شَرُفْتَ	تو ایک مرد شریف ہوا	واحد مذکر مخاطب
شَرُفْتُمَا	تم دو مرد شریف ہوئے	تثنیہ مذکر مخاطب
شَرُفْتُمْ	تم سب مرد شریف ہوئے	جمع مذکر مخاطب
شَرُفْتِ	تو ایک عورت شریف ہوئی	واحد مونث مخاطب
شَرُفْتُمَا	تم دونوں عورتیں شریف ہوئیں	تثنیہ مونث مخاطب
شَرُفْتُنَّ	تم سب عورتیں شریف ہوئیں	جمع مونث مخاطب
شَرُفْتُ	میں شریف ہوا	واحد متکلم
شَرُفْنَا	ہم شریف ہوئے	جمع متکلم

Scanned with CamScanner

تمرین

1۔ ماضی معروف کی گردان کریں۔

نَصْرٌ (مدد کرنا)، طَلَبٌ (مانگنا)، خَلْقٌ (پیدا کرنا)، غَسْلٌ (دھونا)، رَفْعٌ (بلند کرنا)، فَتْحٌ (کھولنا)، عِلْمٌ (جاننا)، نِعْمَةٌ (خوشحال ہونا)، قُرْبٌ (قریب ہونا)، بُعْدٌ (دور ہونا)، کَرَامَةٌ (سخی ہونا) (ماضی کَرُمَ ہے)۔

2۔ درج ذیل کون کونسے صیغے ہیں۔

سَمِعُوْا، خَلَقْنَا، سَمِعْنَا، خَلَقَ، حَسِبْتُمْ، رَفَعْنَا، کَثُرْنَ، نَصَرْتُنَّ، سَجَدْتَا۔

سبق نمبر 7

ماضی مجہول

ماضی مجہول سے مراد وہ فعل ہے جس کی نسبت گزشتہ زمانہ میں مفعول بہ کی طرف ہو۔ یہ ماضی معروف کے ف کلمہ کو ضمہ اور ع کلمہ کو کسرہ دینے سے بنتا ہے۔ جیسے ضَرَبَ سے ضُرِبَ (وہ ایک مرد مارا گیا)۔ فعل مجہول فعل متعدی سے بنتا ہے لازم سے نہیں کیونکہ فعل لازم کا مفعول نہیں ہوتا اور فعل مجہول کی نسبت مفعول کی طرف ہوتی ہے۔ اگر فعل لازم سے مجہول بنانا مقصود ہو تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ فعل لازم سے مذکورہ طریقہ کے مطابق فعل مجہول بنا کر نائب فاعل سے پہلے ''ب'' حرف جر کا اضافہ کر دیں۔ جیسے ذَهَبَ سے ذُهِبَ بِهٖ (اسے لے جایا گیا)۔

یاد رہے کہ نائب فاعل کے بدلنے سے صیغہ میں تبدیلی نہیں آئے گی بلکہ صیغہ ایک ہی حالت پر قائم رہے گا۔

نوٹ:۔ فعل ماضی معروف ہو یا مجہول اس سے پہلے ''مَا'' یا ''لَا'' لگانے سے فعل ماضی منفی بن جاتا ہے۔ جیسے ضَرَبَ سے مَا ضَرَبَ (اس نے نہیں مارا) اور ضُرِبَ سے مَا ضُرِبَ (وہ نہیں مارا گیا)۔ ان حروف کے داخل ہونے سے صرف ماضی کے معنی میں تبدیلی ہوتی ہے اور اگر ''لَا'' ماضی پر داخل ہو تو اس کا تکرار ضروری ہے۔ جیسے لَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰی (اس نے نہ تصدیق کی اور نہ نماز پڑھی)۔

ماضی مجہول کی گردانیں

واحد	تثنیہ	جمع	
ضُرِبَ (وہ ایک مرد مارا گیا)	ضُرِبَا	ضُرِبُوْا	مذکر غائب
ضُرِبَتْ (وہ ایک عورت ماری گئی)	ضُرِبَتَا	ضُرِبْنَ	مونث مخاطب

Scanned with CamScanner

ضُرِبْتَ (تو ایک مرد مارا گیا)	ضُرِبْتُمَا	ضُرِبْتُمْ	مذکر غائب
ضُرِبْتِ (تو ایک عورت ماری گئی)	ضُرِبْتُمَا	ضُرِبْتُنَّ	مونث مخاطب
ضُرِبْتُ (مجھے مارا گیا)		ضُرِبْنَا	متکلم

فعل لازم سے ماضی مجہول کی گردان۔

واحد		تثنیہ	جمع
ذُهِبَ بِهٖ	(وہ ایک مرد لیجایا گیا)	ذُهِبَ بِهِمَا	ذُهِبَ بِهِمْ
ذُهِبَ بِهَا	(وہ ایک عورت لیجائی گئی)	ذُهِبَ بِهِمَا	ذُهِبَ بِهِنَّ
ذُهِبَ بِکَ	(تو ایک مرد لے جایا گیا)	ذُهِبَ بِکُمَا	ذُهِبَ بِکُمْ
ذُهِبَ بِکِ	(تو ایک عورت لیجائی گئی)	ذُهِبَ بِکُمَا	ذُهِبَ بِکُنَّ
ذُهِبَ بِی	(مجھے لے جایا گیا)		ذُهِبَ بِنَا

تمرین

1۔ درج ذیل مصادر سے ماضی مجہول کی گردان کریں۔

عِلْمٌ (جاننا)، شُرْبٌ (پینا)، دُخُولٌ (داخل ہونا)، فَسَادٌ (خراب ہونا)، نَصْرٌ (مدد کرنا)، قَتْلٌ (قتل کرنا)۔

2۔ درج ذیل مصادر سے ماضی منفی مجہول کی گردان کریں۔

غَسْلٌ (دھونا)، خَلْقٌ (پیدا کرنا)، کَثْرَۃٌ (زیادہ ہونا)، مَنْعٌ (منع کرنا)، قُرْبٌ (قریب ہونا)۔

3۔ درج ذیل کون کونسے صیغے ہیں۔

قُتِلُوْا، رُفِعَتْ، نُصِبَتْ، بَعَثْنَا، خُلِقَتْ، مَاحُشِرَتْ، سُطِحَتْ، سُجِدَ، نُصِرْتُنَّ۔

سبق نمبر 8

ماضی کی اقسام

فعل ماضی کی مشہور اقسام درج ذیل ہیں۔

(i) **ماضی مطلق:**۔ وہ فعل جو گزرے ہوئے زمانہ پر دلالت کرے اور اس میں دور اور نزدیک کی کوئی قید نہ ہو۔ جیسے نَصَرَ (اس نے مدد کی)۔

(ii) **ماضی قریب:**۔ وہ فعل جو قریب ہی گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کے ہونے پر دلالت کرے۔ یہ ماضی مطلق سے پہلے ''قد'' لگانے سے بنتا ہے اور گردان میں صیغہ کی تبدیلی سے ''قد'' میں کوئی تبدیلی نہیں آتی جیسے ضَرَبَ سے قَدْ ضَرَبَ (اس نے ابھی مارا ہے)۔

ماضی قریب کی گردان

واحد	تثنیہ	جمع
مذکر غائب: قَدْ ضَرَبَ	قَدْ ضَرَبَا	قَدْ ضَرَبُوْا
(اس نے مارا ہے)	(ان دو مردوں نے مارا ہے)	(ان سب نے مارا ہے)
مؤنث غائب: قَدْ ضَرَبَتْ	قَدْ ضَرَبَتَا	قَدْ ضَرَبْنَ
(اس عورت نے مارا ہے)	(ان دو عورتوں نے مارا ہے)	(ان سب عورتوں نے مارا)
مذکر مخاطب: قَدْ ضَرَبْتَ	قَدْ ضَرَبْتُمَا	قَدْ ضَرَبْتُمْ
(تو نے مارا ہے)	(تم دو مردوں نے مارا ہے)	(تم سب مردوں نے مارا ہے)
مؤنث مخاطب: قَدْ ضَرَبْتِ	قَدْ ضَرَبْتُمَا	قَدْ ضَرَبْتُنَّ
(تو ایک عورت نے مارا ہے)	(تم دو عورتوں نے مارا ہے)	(تم سب عورتوں نے مارا ہے)
متکلم: قَدْ ضَرَبْتُ		قَدْ ضَرَبْنَا

(میں نے مارا ہے)　　　(ہم سب نے مارا ہے)

(iii) **ماضی بعید:**۔ وہ فعل جو دور کے گزرے ہوئے زمانہ پر دلالت کرے اور یہ ماضی مطلق سے پہلے کان کا اضافہ کرنے سے بنتا ہے جیسے ضَرَبَ سے کَانَ ضَرَبَ (اس نے مارا تھا) ماضی مطلق کی طرح کَانَ کے بھی چودہ صیغے آتے ہیں اور جس طرح ماضی کا صیغہ تبدیل ہوگا اسی طرح کان کے صیغہ میں بھی تبدیلی آئے گی۔ کَانَ کی گردان درج ذیل ہے۔

کَانَ۔ کَانَا۔ کَانُوْا۔ کَانَتْ۔ کَانَتَا۔ کُنَّ۔ کُنْتَ۔ کُنْتُمَا۔ کُنْتُمْ۔ کُنْتِ۔ کُنْتُمَا۔ کُنْتُنَّ۔ کُنْتُ۔ کُنَّا۔

ماضی بعید کی گردان

واحد	تثنیہ	جمع
مذکر غائب: کَانَ ضَرَبَ	کَانَا ضَرَبَا	کَانُوْا ضَرَبُوْا
(اس نے مارا تھا)	(ان دو مردوں نے مارا تھا)	(ان سب مردوں نے مارا تھا)
مؤنث غائب: کَانَتْ ضَرَبَتْ	کَانَتَا ضَرَبَتَا	کُنَّ ضَرَبْنَ
(اس عورت نے مارا تھا)	(ان دو عورتوں نے مارا تھا)	(ان سب عورتوں نے مارا تھا)
مذکر مخاطب: کُنْتَ ضَرَبْتَ	کُنْتُمَا ضَرَبْتُمَا	کُنْتُمْ ضَرَبْتُمْ
(تو ایک مرد نے مارا تھا)	(تم دو مردوں نے مارا تھا)	(تم سب مردوں نے مارا تھا)
مؤنث مخاطب: کُنْتِ ضَرَبْتِ	کُنْتُمَا ضَرَبْتُمَا	کُنْتُنَّ ضَرَبْتُنَّ
(تو ایک عورت نے مارا تھا)	(تم دو عورتوں نے مارا تھا)	(تم سب عورتوں نے مارا تھا)
متکلم: کُنْتُ ضَرَبْتُ		کُنَّا ضَرَبْنَا
(میں نے مارا تھا)		(ہم نے مارا تھا)

(iv) **ماضی استمراری:**۔ وہ فعل جو گزشتہ زمانہ میں کسی کام کے جاری رہنے پر دلالت کرے۔ یہ مضارع سے پہلے کان لگانے سے بنتا ہے اس کی علامت اردو ترجمہ تا تھا، یا،

رہا تھا ہے جیسے کَانَ یَضْرِبُ (وہ مارتا تھا یا مار رہا تھا)۔

ماضی استمراری کی گردان

واحد	تثنیہ	جمع
کَانَ یَضْرِبُ	کَانَا یَضْرِبَانِ	کَانُوْا یَضْرِبُوْنَ
(وہ مارتا تھا)	(وہ دو مرد مارتے تھے)	(وہ سب مرد مارتے تھے)
کَانَتْ تَضْرِبُ	کَانَتَا تَضْرِبَانِ	کُنَّ یَضْرِبْنَ
(وہ ایک عورت مارتی تھی)	(وہ دو عورتیں مارتی تھیں)	(وہ سب عورتیں مارتی تھیں)
کُنْتَ تَضْرِبُ	کُنْتُمَا تَضْرِبَانِ	کُنْتُمْ تَضْرِبُوْنَ
(تو ایک مرد مارتا تھا)	(تم دو مرد مارتے تھے)	(تم سب مرد مارتے تھے)
کُنْتِ تَضْرِبِیْنَ	کُنْتُمَا تَضْرِبَانِ	کُنْتُنَّ تَضْرِبْنَ
(تو ایک عورت مارتی تھی)	(تم دو عورتیں مارتی تھیں)	(تم سب عورتیں مارتی تھیں)
کُنْتُ اَضْرِبُ		کُنَّا نَضْرِبُ
(میں مارتا تھا)		(ہم سب مارتے تھے)

Scanned with CamScanner

تمرین

1۔ درج ذیل مصادر سے ماضی قریب کی گردان کریں۔

نَصْرٌ (مدد کرنا)، حِفْظٌ (یاد کرنا)، غَسْلٌ (دھونا)، عِلْمٌ (جاننا)۔

2۔ درج ذیل مصادر سے ماضی بعید کی گردان کریں۔

قَتْلٌ (قتل کرنا)، شُرْبٌ (پینا)، بُعْدٌ (دور ہونا)، کَذِبٌ (جھوٹ بولنا)۔

3۔ درج ذیل مصادر سے ماضی استمراری کی گردان کریں۔

فَهْمٌ (سمجھنا)، حِسْبَانٌ (گمان کرنا)، سُجُوْدٌ (سجدہ کرنا)۔

4۔ درج ذیل صیغوں کی پہچان کریں۔

قَدْ خَلَقْنَا، کُنْتُمْ تَدْرُسُوْنَ، کَانَ نَصَرَ، کُنْتُنَّ تَکْفُرْنَ، قَدْ فَتَحَ، کَانُوْا دَخَلُوْا، کُنَّ یَسْمَعْنَ، کُنْتِ غَسَلْتِ، قَدْ کَفَرْتُمَا، کُنْتُ اَطْلُبُ۔

سبق نمبر 9

فعل مضارع کا بیان

تعریف:۔ وہ فعل جو زمانہ حال اور مستقبل میں کسی کام کے واقع ہونے پر دلالت کرے اسے فعل مضارع کہتے ہیں۔ جیسے یَضْرِبُ (وہ مارتا ہے یا مارے گا)۔ بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ فعل ماضی کے شروع میں الف، ت، ی، ن میں سے کسی ایک حرف کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ ان حروف کو علامت مضارع، حروف مضارع اور حروف اَتین کہا جاتا ہے۔ ان حروف کے داخل ہونے سے ماضی کا پہلا حرف ساکن ہو جاتا ہے اور عین کلمہ پر تینوں حرکتیں آتی ہیں (یعنی ـَ ـِ ـُ) اور لام کلمہ پر ہمیشہ رفع آتا ہے۔ جیسے ضَرَبَ سے یَضْرِبُ، نَصَرَ سے یَنْصُرُ اور سَمِعَ سے یَسْمَعُ۔

نوٹ:۔ ''ی'' چار صیغوں سے پہلے اور ''ت'' آٹھ صیغوں سے پہلے آتی ہے جبکہ ''الف، ن'' ایک ایک صیغہ سے پہلے آتے ہیں۔

اعراب:۔ مضارع کے پانچ صیغے مرفوع ہوتے ہیں اور سات صیغوں کے آخر میں نون اعرابی ہوتا ہے جبکہ دو صیغوں کے آخر میں نون ضمیری ہوتا ہے، اسے نون نسوہ بھی کہتے ہیں اور یہ ہر حالت میں قائم رہتا ہے۔

نوٹ:۔ فعل مضارع کا صیغہ زمانہ حال اور مستقبل میں مشترک ہوتا ہے۔ اگر مضارع سے حال کا معنی لینا مقصود ہو تو اِس سے پہلے لام مفتوح کا اضافہ کرتے ہیں جیسے لَیَضْرِبُ (وہ مارتا ہے) اور اگر مستقبل قریب کا معنی لینا مقصود ہو تو مضارع کی ابتدا میں ''س'' اور اگر مستقبل بعید کا معنی لینا مقصود ہو تو ابتداء میں ''سَوْفَ'' کا اضافہ کرتے ہیں۔ جیسے سَیَضْرِبُ (وہ ابھی مارے گا) اور سَوْفَ یَضْرِبُ (وہ کچھ دیر بعد مارے گا)۔ یہ حروف صرف مضارع کے معنی میں تبدیلی پیدا کرتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

مضارع معروف کی گردان

واحد	تثنیہ	جمع
يَضْرِبُ	يَضْرِبَانِ	يَضْرِبُوْنَ
(وہ مارتا ہے یا مارے گا)	(وہ دو مارتے ہیں یا ماریں گے)	(وہ سب مارتے ہیں یا ماریں گے)
تَضْرِبُ	تَضْرِبَانِ	يَضْرِبْنَ
(وہ مارتی ہے یا مارے گی)	(وہ دو عورتیں مارتی ہیں یا ماریں گی)	(وہ سب عورتیں مارتی ہیں یا ماریں گی)
تَضْرِبُ	تَضْرِبَانِ	تَضْرِبُوْنَ
تَضْرِبِيْنَ	تَضْرِبَانِ	تَضْرِبْنَ
اَضْرِبُ		نَضْرِبُ

يَنْصُرُ بروزنِ يَفْعُلُ

يَنْصُرُ۔ يَنْصُرَانِ۔ يَنْصُرُوْنَ۔ تَنْصُرُ۔ تَنْصُرَانِ۔ يَنْصُرْنَ۔ تَنْصُرُ۔ تَنْصُرَانِ۔ تَنْصُرُوْنَ۔ تَنْصُرِيْنَ۔ تَنْصُرَانِ۔ تَنْصُرْنَ، أَنْصُرُ، نَنْصُرُ۔

يَسْمَعُ بروزنِ يَفْعَلُ

يَسْمَعُ، يَسْمَعَانِ، يَسْمَعُوْنَ، تَسْمَعُ، تَسْمَعَانِ، يَسْمَعْنَ، تَسْمَعُ، تَسْمَعَانِ، تَسْمَعُوْنَ، تَسْمَعِيْنَ، تَسْمَعَانِ، تَسْمَعْنَ، اَسْمَعُ، نَسْمَعُ۔

مضارع مجہول

یہ فعل مضارع معروف سے بنتا ہے۔ اس طرح کہ علامت مضارع کو ضمہ اور عین کلمہ کو فتحہ دیں۔ جبکہ لام کلمہ اپنی حالت پر قائم رہے گا۔ جیسے يَضْرِبُ سے يُضْرَبُ (وہ مارا جاتا ہے یا مارا جائے گا) فعل لازم سے فعل مجہول بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ حسب قاعدہ فعل مجہول بنانے کے بعد نائب فاعل سے پہلے "ب" حرف جر کا اضافہ کر دیں۔ جیسے يذهب — نذهب به۔

مضارع معروف ہو یا مجہول اس سے پہلے "لا" نفی لگانے سے مضارع منفی بن جاتا ہے اور یہ "لا" مضارع کے لفظوں میں کوئی تبدیلی نہیں کرتا۔ جیسے لَا يَضْرِبُ (وہ نہیں مارتا ہے یا نہیں مارے گا)، لَا يُضْرَبُ (وہ نہیں مارا جاتا ہے یا نہیں مارا جائے گا)۔

تمرین

1۔ مضارع کی تعریف اور اعراب بیان کریں۔

2۔ درج ذیل مصادر سے مضارع معروف اور مجہول کی گردان کریں۔

كُفْرٌ (انکار کرنا)، عِرْفَانٌ (جاننا)، شُرْبٌ (پینا)، فَسَادٌ (بگڑنا یا خراب ہونا)، بُعْدٌ (دور ہونا)۔

3۔ درج ذیل صیغوں کی پہچان کریں۔

يَدْخُلُوْنَ، لَا يَشْكُرُوْنَ، سَتَعْلَمُوْنَ، سَوْفَ يُعْطِيْ، يَمْنَعُوْنَ، يُرْزَقُوْنَ، لَايَنْفَعُ، يُقْتَلُ، تَرْكَعْنَ، تَضْحَكِيْنَ، نَعْبُدُ، لَاتَعْلَمُوْنَ، لَاتَفْتَحُ۔

Scanned with CamScanner

سبق نمبر10

مضارع منصوب

حروف نواصب:۔ یہ تعداد میں چار ہیں:(1) اَنْ (2) لَنْ (3) کَیْ (4) إِذَنْ ۔یہ مضارع پر داخل ہوکر دوطرح کا عمل کرتے ہیں۔(1) لفظی (2) معنوی۔

لفظی عمل:۔ (1) یہ حروف مضارع کے پانچ مرفوع صیغوں کونصب دیتے ہیں۔جیسے لَنْ یَعْلَمَ، لَنْ تعلَمَ، لَنْ تَعْلَمَ، لَنْ اَعْلَمَ، لَنْ نَعْلَمَ (واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر مخاطب، واحد متکلم، جمع متکلم)۔

(2) سات صیغوں (تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر، جمع مذکر غائب وحاضر، واحد مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گرادیتے ہیں۔جیسے لَنْ یَعْلَمَا، لَنْ یَعْلَمُوْا، لَنْ تَعْلَمَا، لَنْ تَعْلَمُوْا۔

(3) جمع مونث غائب وحاضر میں نون قائم رہتا ہے۔جیسے لَنْ یَعْلَمْنَ، لَنْ تَعْلَمْنَ۔

(4) حرف علت کونہیں گراتے۔جیسے لَنْ یَدْعُوَ، لَنْ یَرْمِیَ، لَنْ یَخْشٰی۔

نوٹ:۔ نونِ اعرابی کے گرنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ نون مضارع کے آخر میں رفع کے عوض آتا ہے۔اس لئے اس کونون اعرابی کہتے ہیں۔جس طرح لَنْ کے داخل ہونے سے مضارع میں جہاں ضمہ ہوساقط ہوجاتا ہے۔ایسے ہی نون اعرابی جو کہ اس کے عوض ہے ساقط ہوجاتا ہے اور نون ضمیر کے نہ گرنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ نون فاعل ہوتا ہے اور بغیر فاعل کے فعل کا وجود ناممکن ہے۔

معنوی عمل:۔ أَنْ: (کہ) یہ مضارع پر داخل ہوکر اس کومصدر کے معنی میں کردیتا ہے۔جیسے مَامَنَعَکَ أَنْ تَسْجُدَ (تجھے سجدہ کرنے سے کس نے منع کیا)۔أَنْ اور فعل کے مجموعہ کو مصدرِ مُؤَوّل کہتے ہیں۔

لَنْ: (ہرگزنہیں) یہ فعل مضارع پر داخل ہوکر تاکید پیدا کرتا ہے اور مضارع کو

نفی مستقبل کے ساتھ خاص کردیتا ہے۔جیسے لَنْ یَضْرِبَ (وہ ہرگزنہیں مارے گا)۔اسے نفی تاکید بِلَنْ کہتے ہیں۔

فَتَحَ سے نفی تاکید بلن

واحد	تثنیہ	جمع
لَنْ یَّفْتَحَ (وہ ہرگزنہیں کھولے گا)	لَنْ یَفْتَحَا	لَنْ یَفْتَحُوْا
لَنْ تَفْتَحَ (وہ عورت ہرگزنہیں کھولے گی)	لَنْ تَفْتَحَا	لَنْ یَفْتَحْنَ
لَنْ تَفْتَحَ (توہرگزنہیں کھولے گا)	لَنْ تَفْتَحَا	لَنْ تَفْتَحُوا
لَنْ تَفْتَحِی (توایک عورت ہرگزنہیں کھولے گی)	لَنْ تَفْتَحَا	لَنْ تَفْتَحْنَ
لَنْ افْتَحَ (میں ہرگزنہیں کھولوں گا)		لَنْ نَفْتَحَ

کَیْ: (تاکہ) یہ ماقبل فعل کا سبب اور علت بیان کرنے کے لئے آتا ہے۔جیسے جِئْتُ إِلٰی بِھِیْرَہ کَیْ أَتَعَلَّمَ (میں بھیرہ آیا تاکہ علم حاصل کروں)۔

إِذَن: (تب) یہ جواب اور جزاء کے لئے آتا ہے جیسے أَسْلِمْ إِذَنْ تَدْخُلَ الْجَنَّةَ۔ (تواسلام لاتب جنت میں داخل ہوگا)، إِجْتَھِدْ إِذَنْ تَفُوْزَ (تو محنت کرتب کامیاب ہوگا)۔

نوٹ:۔ حرف لَنْ کے معنی میں تین قول ہیں: (i) یہ نفی تاکید مستقبل کے لئے ہے۔ (ii) نفی تأبید کے لئے ہے۔ (iii) صرف نفی مستقبل کے لئے۔ مختار قول پہلا ہے۔اس لئے کہ نفی تأبید (دائمی نفی) کے لئے ہوتو ارشاد باری تعالیٰ لَنْ اُکَلِّمَ الْیَوْمَ میں تناقص لازم

آئے گا کیونکہ "الیوم" کے ہوتے ہوئے تابید مراد لینا دو متضاد چیزوں کو جمع کرنا ہے جو کہ باطل ہے یا تکرار لازم آئے گا کیونکہ قرآن پاک میں ہے لَنْ يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًا اور صرف نفی مستقبل کے لئے بھی نہیں کیونکہ اس کے لئے لَا آیا ہے۔

تمرین

1۔ حروف نواصب کی تعداد اور ان کا لفظی و معنوی عمل بیان کریں۔

2۔ درج ذیل مصادر سے مضارع معروف نفی تاکید بلن کی گردان کریں۔

ظُلْمٌ (ظلم کرنا)، قَتْلٌ (قتل کرنا)، حِسْبَانٌ (گمان کرنا)، مَنْعٌ (روکنا)، فَهْمٌ (سمجھنا)، شَرَافَةٌ (شریف ہونا)۔

3۔ درج ذیل کون کونسے صیغے ہیں۔

لَنْ يَدْرُسَ، لَنْ يَذْهَبَ، لَنْ تَنْفَعَكُمْ، لَنْ تَنْصُرِىْ، لَنْ نَصْبِرَ، لَنْ يَبْعَثُوْا، لَنْ تَخْلُقُوْا۔

سبق نمبر 11

مضارع مجزوم

حروف جازمہ:۔ وہ حروف جو مضارع پر داخل ہو کر آخر کو جزم دیں ان کو حروف جازمہ یا جوازم کہتے ہیں۔ جازمہ کہنے کی وجہ یہ ہے کہ جزم کا معنی کاٹنا ہے اور یہ حروف مضارع کے آخر سے حرکت یا حرف کو کاٹ دیتے ہیں۔ یہ تعداد میں پانچ ہیں: (1) لَمْ (2) لَمَّا (3) لامِ أمر (4) لائے نہی (5) إن شرطیہ اور یہ حروف دو طرح کا عمل کرتے ہیں: (1) لفظی (2) معنوی۔

لفظی عمل:۔ (1) یہ حروف مضارع کے پانچ مرفوع صیغوں کے آخر کو جزم دیتے ہیں جیسے لَمْ يَعْلَمْ، لَمْ تَعْلَمْ، لَمْ تَعْلَمْ، لَمْ اَعْلَمْ، لَمْ نَعْلَمْ۔

(2) اگر ان پانچ صیغوں کے عین یا لام کلمہ کی جگہ حرف علت ہو تو وہ گر جاتا ہے۔ جیسے يَدْعُوْ سے لَمْ يَدْعُ، يَخْشٰى سے لَمْ يَخْشَ، يَقُوْلُ سے لَمْ يَقُلْ، يَبِيْعُ سے لَمْ يَبِعْ۔

(3) سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گرا دیتے ہیں۔ جیسے لَمْ يَعْلَمَا، لَمْ يَعْلَمُوْا، لَمْ تَعْلَمَا، لَمْ تَعْلَمَا، لَمْ تَعْلَمُوْا، لَمْ تَعْلَمِىْ۔

(4) نون ضمیری اپنی حالت پر قائم رہتا ہے۔ جیسے لَمْ يَعْلَمْنَ، لَمْ تَعْلَمْنَ۔

معنوی عمل:۔ (لَمْ): (نہیں) یہ مضارع پر داخل ہو کر اسے ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے جیسے لَمْ يَعْلَمْ (اس نے نہیں جانا) اسے نفی جحد بلَمْ کہتے ہیں۔

لَمَّا: (ابھی تک نہیں) یہ بھی مضارع پر داخل ہو کر اس کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے۔ جیسے لَمَّا يَعْلَمْ (اس نے ابھی تک نہیں جانا)۔

لَمَّا اور لَمْ میں فرق: (1) لَمْ کی نفی تمام زمانہ ماضی کو شامل نہیں ہوتی۔ جبکہ لَمَّا کی نفی تمام زمانہ ماضی کو شامل ہوتی ہے۔

(2) لَمْ میں کام کے واقعہ ہونے کی امید نہیں ہوتی جبکہ لَمَّا میں کام کے واقع ہونے

Scanned with CamScanner

کی توقع ہوتی ہے۔ جیسے لَمَّا یَعُدْ (وہ ابھی تک نہیں لوٹا) یعنی لوٹنے کی امید ہے۔

لام اَمر: (چاہئے) اس لام کے ذریعے کوئی کام کرنے کا مطالبہ کیا جاتا ہے یہ لام مکسور ہوتا ہے اور فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے۔ جیسے لِیَعْلَمْ (اسے جاننا چاہئے)۔

لائے نہی: (نہیں) جس کے ذریعے کسی کو کوئی کام کرنے سے روکا جائے جیسے لَا تَضْرِبْ (تو نہ مار) لَا یَضْرِبْ (وہ نہ مارے)۔

نوٹ: لائے نہی اور لائے نفی میں فرق یہ ہے کہ پہلا مضارع میں لفظی اور معنوی تبدیلی کا باعث بنتا ہے جبکہ دوسرا صرف معنوی تبدیلی پیدا کرتا ہے۔

اِنْ شرطیہ: (اگر) یہ دو فعلوں پر داخل ہوتا ہے اور اگر دونوں فعل مضارع ہوں تو دونوں کے آخر کو جزم دیتا ہے۔ پہلے فعل کا واقع ہونا دوسرے فعل کے واقع ہونے کا سبب ہے۔ پہلے کو شرط اور دوسرے کو جزاء کہتے ہیں۔ جیسے اِنْ تَجْتَهِدْ تَفُزْ (اگر تو محنت کرے گا تو کامیاب ہوگا)۔

نفی جحد بلم کی گردان

واحد	تثنیہ	جمع
لَمْ یَعْلَمْ (اس نے نہیں جانا)	لَمْ یَعْلَمَا	لَمْ یَعْلَمُوْا
لَمْ تَعْلَمْ (اس عورت نے نہیں جانا)	لَمْ تَعْلَمَا	لَمْ یَعْلَمْنَ
لَمْ تَعْلَمْ (تو نے نہیں جانا)	لَمْ تَعْلَمَا	لَمْ تَعْلَمُوْا
لَمْ تَعْلَمِیْ (تو ایک عورت نے نہیں جانا)	لَمْ تَعْلَمَا	لَمْ تَعْلَمْنَ
لَمْ اَعْلَمْ (میں نے نہیں جانا)		لَمْ نَعْلَمْ

نوٹ: فعل مضارع مجہول پر حرف لَنْ اور لَمْ داخل کرنے سے مضارع مجہول نفی تاکید بلن اور نفی جحد بلم بن جاتا ہے۔ جیسے لَنْ یُعْلَمَ وہ ہرگز نہیں جانا جائے گا)، لَمْ یُعْلَمْ (وہ نہ جانا گیا)۔

مضارع مجہول نفی تاکید بلن

واحد	تثنیہ	جمع
لَنْ یُعْلَمَ	لَنْ یُعْلَمَا	لَنْ یُعْلَمُوْا
لَنْ تُعْلَمَ	لَنْ تُعْلَمَا	لَنْ یُعْلَمْنَ
لَنْ تُعْلَمَ	لَنْ تُعْلَمَا	لَنْ تُعْلَمُوْا
لَنْ تُعْلَمِیْ	لَنْ تُعْلَمَا	لَنْ تُعْلَمْنَ
لَنْ اُعْلَمَ		لَنْ نُعْلَمَ

نفی جحد بلم مجہول

لَمْ یُعْلَمْ، لَمْ یُعْلَمَا، لَمْ یُعْلَمُوْا، لَمْ تُعْلَمْ، لَمْ تُعْلَمَا، لَمْ یُعْلَمْنَ، لَمْ تُعْلَمْ، لَمْ تُعْلَمَا، لَمْ تُعْلَمُوْا، لَمْ تُعْلَمِیْ، لَمْ تُعْلَمَا، لَمْ تُعْلَمْنَ، لَمْ اُعْلَمْ، لَمْ نُعْلَمْ۔

تمرین

1۔ حروف جوازم کی تعریف اور لفظی و معنوی عمل بیان کریں۔

2۔ درج ذیل مصادر سے نفی جحد بلم کی گردان کریں۔

شُرْبٌ (پینا)، بَعْثٌ (بھیجنا)، قُرْبٌ (نزدیک ہونا)، غَسْلٌ (دھونا)، طَلَبٌ (طلب کرنا)۔

3۔ درج ذیل صیغوں کی پہچان کریں۔

اَلَمْ نَشْرَحْ، لَمْ یَسْمَعْنَ، لَمْ تَقْرَبْ، لَمْ یَلِدْ، لَمْ تَفْتَحِیْ، لَمْ تَکْذِبْنَ، لَمْ تَعْلَمُوْا۔

Scanned with CamScanner

سبق نمبر 12

مضارع مؤکد

مضارع میں تاکید پیدا کرنے اور مستقبل کے ساتھ خاص کرنے کے لئے آخر میں نون تاکید اور ابتداء میں لام مفتوح کا اضافہ کیا جاتا ہے۔نون تاکید کی دو قسمیں ہیں:(1) نون تاکید ثقیلہ (2) نون تاکید خفیفہ۔

نون تاکید ثقیلہ:۔ (1) یہ نون مشدد ہوتا ہے اور مضارع کے چودہ صیغوں کے آخر میں آتا ہے۔

(2) پانچ مرفوع صیغوں کے آخر کو نصب دیتا ہے۔جیسے لَیَنْصُرَنَّ (وہ ضرور مدد کرے گا) اس کو مضارع موکد بلام تاکید و نون تاکید کہتے ہیں۔

(3) سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جاتا ہے۔جیسے لَیَنْصُرَانِّ (وہ دو مرد ضرور مدد کریں گے)۔

(4) جمع مذکر غائب و حاضر کے صیغوں سے واؤ جمع اور واحد مونث حاضر کے صیغہ سے "ی" گر جاتی ہے۔جیسے لَیَنْصُرُنَّ (وہ سب مرد ضرور مدد کریں گے)، لَتَنْصُرُنَّ (تم سب ضرور مدد کرو گے)، لَتَنْصُرِنَّ (تو ایک عورت ضرور مدد کرے گی)۔

(5) جمع مونث غائب و حاضر کے صیغوں میں نون ضمیری اور نون ثقیلہ کے درمیان "الف" فاصل لایا جاتا ہے کیونکہ تین نون کا اکٹھا آنا ثقل کا باعث ہے۔جیسے لَیَنْصُرْنَانِّ (وہ سب عورتیں ضرور مدد کریں گی)۔

سوال:۔ لام تاکید مضارع کو زمانہ حال اور نون تاکید زمانہ مستقبل کے ساتھ خاص کرتا ہے۔پس مضارع میں ان دونوں کے جمع ہونے کا مطلب یہ ہوا کہ مضارع میں دو متضاد چیزیں جمع ہوگئی ہیں اور یہ صحیح نہیں؟

جواب:۔ لام تاکید دو معنی کا فائدہ دیتا ہے(i) تاکید (ii) زمانہ حال۔لیکن نون تاکید کے

ساتھ صرف تاکید کا فائدہ دیتا ہے۔

سوال:۔ تین نون کا اجتماع لَنَکُوْنَنَّ میں بلکہ چار نون لَیَمْنَنَّ میں موجود ہیں مگر الف فاصل نہیں آیا؟

جواب:۔ تین نون زائدہ کا جمع ہونا مکروہ ہے اور ان امثلہ میں ہر تین نون زائدہ نہیں۔

سوال:۔ لَنْ نَنْصَرِفَ میں تو ہر تین نون زائد ہیں۔الف فاصل کیوں نہیں لایا گیا؟

جواب:۔ اس کا تیسرا نون علامت انفعال ہونے اور تمام متصرفات میں پائے جانے کی وجہ سے گویا کہ اصلی ہے۔

سوال:۔ قرآن پاک میں تین نون یکجا آئے ہیں۔جیسے لُمْتُنَّنِیْ اگر یہ اجتماع مکروہ ہوتا تو فصیح کلام میں نہ ہوتا؟

جواب:۔ ایسے تین نون کا اجتماع مکروہ ہے جن میں سے ہر ایک معنی کا فائدہ دے اور لُمْتُنَّنِیْ میں تیسرا نون وقایہ ہے جو معنی کا فائدہ نہیں دے رہا۔

نون خفیفہ:۔ (1) یہ نون مخفف ہوتا ہے اور مضارع کے آٹھ صیغوں کے آخر میں آتا ہے۔

(2) یہ چار تثنیوں (تثنیہ مذکر و مونث غائب و حاضر) اور جمع مونث غائب و حاضر میں نہیں آتا۔

(3) باقی احکام میں یہ نون ثقیلہ کی طرح ہے۔

نوٹ:۔ نون ثقیلہ اور خفیفہ افادۂ تاکید میں برابر ہیں مگر خلیل نحوی کے نزدیک ثقیلہ افادۂ تاکید میں بلیغ ہے کیونکہ اس میں دو حرف ہیں اور حروف کی زیادتی معنی کی زیادتی پر دلالت کرتی ہے۔

مضارع مؤکد بلام تاکید و نون ثقیلہ کی گردان

واحد	تثنیہ	جمع
لَیَضْرِبَنَّ (وہ ضرور مارے گا)	لَیَضْرِبَانِّ	لَیَضْرِبُنَّ

Scanned with CamScanner

لَتَضْرِبَنَّ (وہ عورت ضرور مارے گی　　لَتَضْرِبَانِّ　　لَیَضْرِبْنَانِّ

لَتَضْرِبَنَّ (تو ایک مرد ضرور مارے گا)　　لَتَضْرِبَانِّ　　لَتَضْرِبُنَّ

لَتَضْرِبِنَّ (تو ایک عورت ضرور مارے گی)　　لَتَضْرِبَانِّ　　لَتَضْرِبْنَانِّ

لَأَضْرِبَنَّ (میں ضرور ماروں گا)　　لَنَضْرِبَنَّ

مضارع مؤکد بلام تاکید ونون نون ثقیلہ مجہول کی گردان

لَیُضْرَبَنَّ، لَیُضْرَبَانِّ، لَیُضْرَبُنَّ، لَتُضْرَبَنَّ، لَتُضْرَبَانِّ، لَیُضْرَبْنَانِّ، لَتُضْرَبَنَّ، لَتُضْرَبَانِّ، لَتُضْرَبُنَّ، لَتُضْرَبِنَّ، لَتُضْرَبَانِّ، لَتُضْرَبْنَانِّ، لَأُضْرَبَنَّ، لَنُضْرَبَنَّ۔

مضارع مؤکد بلام تاکید ونون خفیفہ کی گردان

واحد	تثنیہ	جمع
لَیَضْرِبَنْ	x	لَیَضْرِبُنْ
لَتَضْرِبَنْ	x	x
لَتَضْرِبَنْ	x	لَتَضْرِبُنْ
لَتَضْرِبِنْ	x	x
لَأَضْرِبَنْ	x	لَنَضْرِبَنْ

مضارع مؤکد بلام تاکید ونون نون خفیفہ مجہول کی گردان

واحد	تثنیہ	جمع
لَیُضْرَبَنْ	x	لَیُضْرَبُنْ
لَتُضْرَبَنْ	x	x
لَتُضْرَبَنْ	x	لَتُضْرَبُنْ
لَتُضْرَبِنْ	x	x
لَأُضْرَبَنْ	x	لَنُضْرَبَنْ

تمرین

1۔ نون ثقیلہ کی تعریف اور احکام بیان کریں۔

2۔ نون خفیفہ کی تعریف اور احکام بیان کریں۔

3۔ درج ذیل مصادر سے مضارع مؤکد بلام تاکید ونون ثقیلہ معروف ومجہول کی گردان کریں۔

نَصْرٌ (مدد کرنا)، خَلْقٌ (پیدا کرنا)، کَرَامَةٌ (بزرگ ہونا)، بُعْدٌ (دور ہونا)۔

4۔ درج ذیل مصادر سے مضارع مؤکد بلام تاکید ونون خفیفہ کی گردان کریں۔

کَذِبٌ (جھوٹ بولنا)، حِسْبَانٌ (گمان کرنا)، شَرَافَةٌ (شریف ہونا)، سَمْعٌ (سننا)۔

5۔ درج ذیل صیغوں کی پہچان کریں۔

لَتَحْسَبُنَّ، لَتَدْخُلُنَّ، لَتَنْصُرِنَّ، لَنَسْفَعاً، لَنَکُوْنَنَّ، اِمَّا تَرَیِنَّ، لَیُسْجَنَنَّ، لَیَکُوْنًا۔

Scanned with CamScanner

سبق نمبر 13

فعل اَمر

تعریف:۔ وہ فعل ہے جس کے ذریعے کسی سے کوئی کام کرنے کا مطالبہ کیا جائے یا کام کرنے کی خواہش کا اظہار کیا جائے جیسے اِعْلَمْ (تو جان)، لِيَعْلَمْ (اسے جاننا چاہئے)۔

بنانے کا طریقہ:۔ یہ فعل مضارع حاضر معروف کے چھ صیغوں سے بنتا ہے۔ اس طرح کہ علامت مضارع کو حذف کریں اور دیکھیں اگر علامت مضارع کا مابعد حرف متحرک ہے تو آخر کو جزم دیں جیسے تَعِدُ سے عِدْ اور تُزَلْزِلُ سے زَلْزِلْ۔

اگر مابعد ساکن ہو تو ابتداء میں ہمزہ وصل زیادہ کریں اور آخر کو جزم دیں پھر عین کلمہ کو دیکھیں اگر مضموم ہو تو ہمزہ وصل بھی مضموم ہوگا جیسے تَدْخُلُ سے اُدْخُلْ، تَنْصُرُ سے اُنْصُرْ اور اگر عین کلمہ مفتوح یا مکسور ہو تو ہمزہ وصل مکسور ہوگا۔ جیسے تَعْلَمُ سے اِعْلَمْ، تَضْرِبُ سے اِضْرِبْ۔

آخر سے نون عرابی، حرف علت اور حرکت گر جاتے ہیں لیکن نون ضمیری اپنی حالت پر قائم رہتا ہے جیسے اُنْصُرَا، اُنْصُرُوْا، اُنْصُرْنَ، اُدْعُ، اِرْمِ، اِخْشَ۔

امر غائب و متکلم فعل مضارع پر لام اَمر داخل کرنے سے بنتا ہے۔ جیسے لِيَنْصُرْ، لِاَنْصُرْ، لِنَنْصُرْ۔ فعل اَمر مجہول کے چودہ صیغے آتے ہیں جو فعل مضارع مجہول پر لام اَمر داخل کرنے سے بنتے ہیں۔ جیسے لِيُنْصَرْ، لِتُضْرَبْ۔ فعل اَمر معروف ہو یا مجہول اس کے آخر میں نون تاکید (ثقیلہ، خفیفہ) متصل ہوتا ہے جیسے اِضْرِبْ سے اِضْرِبَنَّ اور لِيَضْرِبْ سے لِيَضْرِبَنَّ۔ نون تاکید کی وجہ سے مضارع کے شروع میں لام مفتوح آتا ہے۔ جبکہ فعل اَمر میں یہ لام مکسور ہوتا ہے۔

نوٹ:۔ ہمزہ وصلی وہ ہوتا ہے جو ابتدائے کلام میں پڑھا جاتا ہے اور درمیان کلام میں آئے تو حذف ہو جاتا ہے۔ جیسے وَاضْرِبْ لَهُمْ مَثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ۔

ترجمہ (اور آپ ﷺ ان کے سامنے بستی والوں کی مثال بیان کیجئے)۔ اور ہمزہ قطعی وہ ہوتا ہے جو ابتدائے کلام اور درمیان کلام میں قائم رہتا ہے۔ بَابِ اِفْعَالُ کا ہمزہ قطعی ہے۔ جیسے يَا اِبْرَاهِيْمُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا۔ (اے ابراہیم علیہ السلام اس خیال کو چھوڑ دیجئے)۔

اَمر حاضر معروف کی گردان

واحد	تثنیہ	جمع
اُنْصُرْ	اُنْصُرَا	اُنْصُرُوْا
اُنْصُرِیْ	اُنْصُرَا	اُنْصُرْنَ

اَمر غائب و متکلم معروف کی گردان

واحد	تثنیہ	جمع
لِيَضْرِبْ	لِيَضْرِبَا	لِيَضْرِبُوْا
لِتَضْرِبْ	لِتَضْرِبَا	لِيَضْرِبْنَ
لِاَضْرِبْ		لِنَضْرِبْ

اَمر مجہول کی گردان

لِيُنْصَرْ، لِيُنْصَرَا، لِيُنْصَرُوْا، لِتُنْصَرْ، لِتُنْصَرَا، لِيُنْصَرْنَ، لِتُنْصَرْ، لِتُنْصَرَا، لِتُنْصَرُوْا، لِتُنْصَرِیْ، لِتُنْصَرَا، لِتُنْصَرْنَ، لِاُنْصَرْ، لِنُنْصَرْ۔

اَمر معروف بانون ثقیلہ کی گردان

لِيَنْصُرَنَّ، لِيَنْصُرَانِّ، لِيَنْصُرُنَّ، لِتَنْصُرَنَّ، لِتَنْصُرَانِّ، لِيَنْصُرْنَانِّ، اُنْصُرَنَّ، اُنْصُرَانِّ، اُنْصُرِنَّ، اُنْصُرَانِّ، اُنْصُرْنَانِّ، لِاَنْصُرَنَّ، لِنَنْصُرَنَّ۔

Scanned with CamScanner

اَمر معروف بانون خفیفہ کی گردان

لِیَنْصُرَنْ، x، لِیَنْصُرُنْ، لِتَنْصُرَنْ، x، x، اُنْصُرَنْ، x، اُنْصُرُنْ، اُنْصُرِنْ، x، x، لِاَنْصُرَنْ، لِنَنْصُرَنْ۔

اَمر مجہول بانون ثقیلہ کی گردان

لِیُنْصَرَنَّ، لِیُنْصَرَانِّ، لِیُنْصَرُنَّ، لِتُنْصَرَنَّ، لِتُنْصَرَانِّ، لِیُنْصَرْنَانِّ، لِتُنْصَرَنَّ، لِتُنْصَرَانِّ، لِتُنْصَرُنَّ، لِتُنْصَرِنَّ، لِتُنْصَرَانِّ، لِتُنْصَرْنَانِّ، لِاُنْصَرَنَّ، لِنُنْصَرَنَّ۔

اَمر مجہول بانون خفیفہ کی گردان

لِیُنْصَرَنْ، x، لِیُنْصَرُنْ، لِتُنْصَرَنْ، x، x، لِتُنْصَرَنْ، x، لِتُنْصَرُنْ، لِتُنْصَرِنْ، x، x، لِاُنْصَرَنْ، لِنُنْصَرَنْ۔

تمرین

1۔ درج ذیل مصادر سے اَمر حاضر معروف کی گردان کریں۔

نُزُوْلٌ (اترنا)، شُکْرٌ (شکر کرنا)، حِفْظٌ (یاد کرنا)، حُسْنٌ (خوبصورت ہونا)۔

2۔ درج ذیل مصادر سے اَمر مجہول کی گردان کریں۔

قَطْعٌ (کاٹنا)، شَہَادَۃٌ (گواہی دینا)، کِتَابَۃٌ (لکھنا)، نَفْعٌ (نفع دینا)۔

3۔ فعل اَمر کی تعریف اور بنانے کا طریقہ بیان کریں۔

4۔ درج ذیل صیغوں کی پہچان کریں۔

اُدْخُلِیْ، فَلْیَعْبُدُوْا، اِغْسِلُوْا، اُکْرُمْنَ، لِتُنْصَرِیْ، اِفْتَحَنَّ، اِشْرَبْنَانِّ، لِیَعْلَمَا۔

سبق نمبر 13

فعل نہی

تعریف:۔ یہ وہ فعل ہے جس کے ذریعے کسی کو کوئی کام کرنے سے روکا جائے۔ جیسے لَاتَضْرِبْ (تو مت مار)، لَا یَضْرِبْ (وہ نہ مارے)۔

یہ کوئی مستقل فعل نہیں بلکہ یہ وہ فعل مضارع ہے جس پر لَانہی داخل کیا جاتا ہے۔ جیسے یَضْرِبُ سے لَا یَضْرِبْ، تَضْرِبُ سے لَاتَضْرِبْ۔

لَا نہی آخر سے نون اعرابی، حرف علت اور حرکت گرا دیتا ہے۔ جبکہ نون ضمیری اپنی حالت پر قائم رہتا ہے۔ جیسے لَاتَضْرِبَا، لَاتَضْرِبُوْا، لَاتَضْرِبْنَ، لَاتَدْعُ، لَاتَرْمِ۔

نہی معروف ہو یا مجہول اس کے آخر میں نون تاکید آتا ہے۔ جیسے لَایَضْرِبَنَّ، لَایُضْرَبَنَّ، لَایَضْرِبَنْ، لَایُضْرَبَنْ۔

فعل نہی معروف کی گردان

لَایَضْرِبْ، لَایَضْرِبَا، لَایَضْرِبُوْا، لَاتَضْرِبْ، لَاتَضْرِبَا، لَایَضْرِبْنَ، لَا تَضْرِبْ، لَاتَضْرِبَا، لَاتَضْرِبُوْا، لَاتَضْرِبِیْ، لَاتَضْرِبَا، لَا تَضْرِبْنَ، لَا اَضْرِبْ، لَانَضْرِبْ۔

فعل نہی مجہول کی گردان

لَایُضْرَبْ، لَایُضْرَبَا، لَایُضْرَبُوْا، لَاتُضْرَبْ، لَاتُضْرَبَا، لَایُضْرَبْنَ، لَا تُضْرَبْ، لَاتُضْرَبَا، لَاتُضْرَبُوْا، لَاتُضْرَبِیْ، لَاتُضْرَبَا، لَا تُضْرَبْنَ، لَا اُضْرَبْ، لَانُضْرَبْ۔

فعل نہی معروف بانون ثقیلہ

لَایَضْرِبَنَّ، لَایَضْرِبَانِّ، لَایَضْرِبُنَّ، لَاتَضْرِبَنَّ، لَاتَضْرِبَانِّ، لَایَضْرِبْنَانِّ،

Scanned with CamScanner

لَاتَضْرِبَنَّ، لَاتَضْرِبَانِّ، لَاتَضْرِبْنَ، لَاتَضْرِبْنَّ، لَاتَضْرِبَانِّ، لَاتَضْرِبْنَانِّ، لَاأَضْرِبَنَّ، لَانَضْرِبَنَّ۔

فعل نہی خفیفہ کی گردان

لَایَضْرِبَنْ، x، لَایَضْرِبُنْ، لَاتَضْرِبَنْ، x، x، لَاتَضْرِبَنْ، x، لَاتَضْرِبُنْ، لَاتَضْرِبِنْ، x، x، لَاأَضْرِبَنْ، لَانَضْرِبَنْ۔

تمرین

1۔ فعل نہی کی تعریف اور احکام بیان کریں۔

2۔ درج ذیل مصادر سے نہی معروف اور مجہول کی گردان کریں۔

جَہْلٌ (نہ جاننا)، مَنْعٌ (روکنا)، لَطَافَۃٌ (مہربان ہونا)، غَلَبَۃٌ (غالب ہونا)۔

3۔ درج ذیل صیغوں کی پہچان کریں۔

لَایُضْرَبُنْ، لَاتَرْفَعُوْا، لَاتَحْزَنُ، لَاتَسْمَعِیْ، لَاتَقْنَطُوْا، لَانَسْجُدْ، لَایَشْہَدْنَانِّ، لَاتَفْتَحِنْ، لَاتَقْرَبُوْا۔

سبق نمبر 14

اسمائے مشتقہ

اسمائے مشتقہ تعداد میں سات ہیں: (i) اسم فاعل، (ii) اسم مفعول، (iii) صفت مشبہ، (iv) اسم تفضیل، (v) مبالغہ، (vi) اسم آلہ، (vii) اسم ظرف۔

اسم فاعل:۔ وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات پر دلالت کرے جس سے فعل واقع ہو یا جس کے ساتھ قائم ہو۔ جیسے ضَارِبٌ (مارنے والا)، مُتَحَرِّکٌ (حرکت کرنے والا)۔

یہ ثلاثی مجرد افعال سے فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے ضَارِبٌ، نَاصِرٌ، شَارِبٌ۔

اس کے چھ صیغے (3 مذکر اور 3 مونث کیلئے) آتے ہیں۔ اس کی گردان درج ذیل ہے۔

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	ضَارِبٌ (فَاعِلٌ)	ضَارِبَانِ (فَاعِلَانِ)	ضَارِبُوْنَ (فَاعِلُوْنَ)
مونث	ضَارِبَۃٌ (فَاعِلَۃٌ)	ضَارِبَتَانِ (فَاعِلَتَانِ)	ضَارِبَاتٌ (فَاعِلَاتٌ)

فاعل اور اسم فاعل میں فرق:۔ اسم فاعل کے لئے اسم مشتق ہونا ضروری ہے جبکہ فاعل کے لئے ضروری نہیں۔ جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ۔

فاعل کے لئے مرفوع ہونا ضروری ہے۔ جبکہ اسم فاعل کبھی مرفوع، کبھی منصوب اور کبھی مجرور ہوتا ہے۔ فاعل سے پہلے فعل یا شبہ فعل کا ہونا ضروری ہے جبکہ اسم فاعل سے پہلے ضروری نہیں۔

اسم فاعل کے لئے فاعل کے وزن پر ہونا ضروری ہے۔ جبکہ ثلاثی مجرد افعال سے ہو لیکن فاعل کے لئے یہ وزن ضروری نہیں۔

نوٹ:۔ ماضی مضموم العین (کَرُمَ، یَکْرُمُ) اور وہ افعال جن کے فاعل میں پائیداری کے معنی پائے جائیں ان سے اسم فاعل نہیں آتا بلکہ صفت مشبہ کا صیغہ فَعِیْلٌ کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے کَرُمَ سے کَرِیْمٌ، شَرُفَ سے شَرِیْفٌ۔

Scanned with CamScanner

سبق نمبر 15

اسم مفعول

وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہو جیسے مَضْرُوْبٌ (مارا ہوا)۔ یہ ثلاثی مجرد افعال سے مَفْعُوْلٌ کے وزن پر آتا ہے۔جیسے مَنْصُوْرٌ (مدد کیا ہوا)۔اس کے بھی چھ صیغے استعمال ہوتے ہیں،(تین مذکر کے اور تین مؤنث کے)۔

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	مَنْصُوْرٌ	مَنْصُوْرَانِ	مَنْصُوْرُوْنَ
مؤنث	مَنْصُوْرَةٌ	مَنْصُوْرَتَانِ	مَنْصُوْرَاتٌ

اسم فاعل اور اسم مفعول کبھی فَعِیْلٌ اور کبھی فَعُوْلٌ کے وزن پر آتے ہیں۔اسم فاعل کی مثال سَمِیْعٌ (سننے والا)، بَتُوْلٌ (دنیا سے قطع تعلق کرنے والی)۔اسم مفعول کی مثال جَرِیْحٌ (زخمی)،رَسُوْلٌ (بھیجا ہوا)۔

اسم فاعل اور اسم مفعول سے غائب، مخاطب اور متکلم کے صیغوں کو ظاہر کرنے کے لئے ضمائر منفصلہ استعمال ہوتی ہیں۔جو درج ذیل ہیں:هُوَ، هُمَا، هُمْ، هِيَ، هُمَا، هُنَّ، اَنْتَ، اَنْتُمَا، اَنْتُمْ، اَنْتِ، اَنْتُمَا، اَنْتُنَّ، اَنَا، نَحْنُ۔

حائض اور حامل خلیل کے نزدیک اسم فاعل نہیں بلکہ اسم فاعل کے ملحقات سے ہیں یعنی حائض بمعنی صاحبِ حیض اور حامل بمعنی صاحبِ حمل۔

اگر فعل غیر ثلاثی ہو تو اسم فاعل فعل مضارع معروف کے وزن پر آتا ہے۔اس طرح کہ علامت مضارع کی جگہ میم مضموم اور ماقبل آخر کو کسرہ دیں۔جیسے اَکْرَمَ سے مُکْرِمٌ، اِجْتَنَبَ سے مُجْتَنِبٌ اور اسم مفعول فعل مضارع مجہول کے وزن پر آتا ہے۔اس طرح کہ علامت مضارع کی جگہ میم مضموم اور ماقبل آخر کو فتح دیں جیسے اَکْرَمَ سے مُکْرَمٌ، اِجْتَنَبَ سے مُجْتَنَبٌ۔

نوٹ:۔ مفعول اور اسم مفعول میں فرق فاعل اور اسم فاعل کی طرح ہی ہے مگر مفعول کے لئے منصوب ہونا ضروری ہے اور اسم مفعول کے لئے منصوب ہونا ضروری نہیں۔

تمرین

1۔ اسم فاعل کی تعریف اور فاعل اور اسم فاعل میں فرق بیان کریں۔

2۔ اسم مفعول کی تعریف اور بنانے کا طریقہ بیان کریں۔

3۔ درج ذیل مصادر سے اسم فاعل اور اسم مفعول کی گردان کریں۔

ظُلْمٌ (زیادتی کرنا)، سُجُوْدٌ (سجدہ کرنا)، حِسْبَانٌ (گمان کرنا)، فَتْحٌ (کھولنا)،عِلْمٌ (جاننا)،قُرْبٌ (قریب ہونا)۔

4۔ درج ذیل صیغوں کی پہچان کریں۔

عَابِدٌ، صَابِرُوْنَ، رَاجِعُوْنَ، جَاهِلَانِ، حَافِظَاتٌ، سَامِعَتَانِ، مَحْفُوْظٌ، مَشْهُوْدَةٌ، مَحْرُوْمَاتٌ، مَجْمُوْعُوْنَ، مَحْمُوْدَانِ۔

Scanned with CamScanner

سبق نمبر 16

صفت مشبہ

وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات پر دلالت کرے جس میں صفت دائمی ہو۔ جیسے جَمِیْلٌ (خوبصورت)، شُجَاعٌ (بہادر)۔

اسم فاعل اور صفت مشبہ میں فرق:۔ اسم فاعل میں صفت عارضی ہوتی ہے جبکہ صفت مشبہ میں دائمی ہوتی ہے۔

اسم فاعل فعل لازم اور متعدی دونوں سے مشتق ہوتا ہے جبکہ صفت مشبہ صَرف فعل لازم سے مشتق ہوتی ہے۔ اسم فاعل ثلاثی اور غیر ثلاثی افعال سے بنتا ہے جبکہ صفت مشبہ صرف ثلاثی افعال سے بنتی ہے۔

صفت مشبہ کے اوزان:۔ صفت مشبہ کے مشہور اور کثیر الاستعمال اوزان درج ذیل ہیں:

(i) فَعِلٌ:۔ اگر فعل میں خوشی اور غمی کے معنی پائے جائیں تو صفت مشبہ مذکر کا صیغہ فَعِلٌ اور مونث کا صیغہ فَعِلَۃٌ کے وزن پر آتا ہے۔ اسم فاعل کی طرح اس کے بھی چھ صیغے آتے ہیں۔ جیسے فَرِحٌ (خوش ہونا)، حَزِنٌ (غمگین ہونا)۔

گردان

مذکر فَرِحٌ، فَرِحَانِ، فَرِحُوْنَ مؤنث فَرِحَۃٌ، فَرِحَتَانِ، فَرِحَاتٌ

(ii) اَفْعَلُ:۔ جب فعل میں رنگ، عیب اور حلیہ کا معنی پایا جائے تو صفت مشبہ مذکر کا صیغہ أَفْعَلُ اور مؤنث کا صیغہ فَعْلَاءُ کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے حُمْرٌ سے اَحْمَرُ، حَمْرَاءُ، عَوِرَ سے أَعْوَرُ، عَوْرَاءُ (کانا ہونا)۔

گردان

مذکر اَحْمَرُ، اَحْمَرَانِ، حُمْرٌ مؤنث حَمْرَاءُ، حَمْرَاوَانِ، حُمْرٌ

مذکر اَعْوَرُ، اَعْوَرَانِ، عُوْرٌ مؤنث عَوْرَاءُ، عَوْرَاوَانِ، عُوْرٌ

(iii) فَعْلَانُ:۔ جب فعل میں عارضی صفات (بھوک، پیاس وغیرہ) کے معنی پائے جائیں تو صفت مشبہ مذکر کا صیغہ فَعْلَانُ اور مؤنث کا صیغہ فَعْلٰی کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے عَطِشَ (پیاسا ہوا) سے عَطْشَانُ عَطْشٰی، غَضِبَ سے غَضْبَانُ (غصہ والا)، غَضْبٰی (غصہ والی عورت)۔

گردان

مذکر غَضْبَانُ، غَضْبَانَانِ، غِضَابٌ مؤنث غَضْبٰی، غَضْبَیَانِ، غِضَابٌ

مذکر عَطْشَانُ، عَطْشَانَانِ، عِطَاشٌ مؤنث عَطْشٰی، عَطْشَیَانِ، عِطَاشٌ

(iv) فَعِیْلٌ:۔ ماضی مضموم العین سے صفت مشبہ کا صیغہ فَعِیْلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے کَرُمَ سے کَرِیْمٌ۔

گردان

مذکر کَرِیْمٌ، کَرِیْمَانِ، کَرِیْمُوْنَ مؤنث کَرِیْمَۃٌ، کَرِیْمَتَانِ، کَرِیْمَاتٌ

تمرین

1۔ صفت مشبہ کی تعریف اور اوزان بیان کریں۔

2۔ درج ذیل مصادر سے صفت مشبہ کی گردان کریں۔

فِطَانَۃٌ (ذہین ہونا)، سَعَادَۃٌ (خوش بخت ہونا)، عُرُجٌ (لنگڑا ہونا)، صُفْرَۃٌ (زرد ہونا)، غَرَثٌ (بھوکا ہونا)۔

3۔ درج ذیل صیغوں کی پہچان کریں۔

صُمٌّ، بُکْمٌ، عُمْیٌ، صَفْرَاءُ، سَعِیْدٌ، أَسْوَدُ، شَبْعَانُ، لَطِیْفٌ، عَطْشٰی۔

Scanned with CamScanner

سبق نمبر 17

اسم مبالغہ

تعریف:۔ وہ اسم مشتق ہے جو اسم فاعل میں مصدری معنی کی زیادتی کا فائدہ دے جیسے عَلَّامَۃٌ (بہت زیادہ جاننے والا)۔

بنانے کا طریقہ:۔ اس کے بنانے کا کوئی خاص قاعدہ نہیں مگر کبھی حروف کو مکرر لانے اور کبھی واو، الف اور ی کو زیادہ کرنے سے بنتا ہے۔ یہ ثلاثی مجرد افعال سے بنتا ہے اس کے اوزان بہت ہیں لیکن مشہور اور کثیر الاستعمال درج ذیل ہیں۔

اوزان مبالغہ:۔ فَعِلٌ حَذِرٌ (بہت زیادہ محتاط)، فَعِیْلٌ عَلِیْمٌ (بہت زیادہ جاننے والا)، فَعُوْلٌ اَکُوْلٌ (بہت کھانے والا)، فَعَّالٌ سَفَّاکٌ (خونریزی کرنے والا)، فُعَّالٌ کُبَّارٌ (بہت بڑا)، فِعِّیْلٌ صِدِّیْقٌ (بہت سچا)، مِفْعَلٌ مِجْزَمٌ (بہت کاٹنے والا)، مِفْعَالٌ مِنْعَامٌ (بہت انعام دینے والا)، مِفْعِیْلٌ مِنْطِیْقٌ (بہت باتونی)، فُعَالٌ عُجَابٌ (بہت عجیب)، فَاعُوْلٌ فَارُوْقٌ (بہت فرق کرنے والا)، فُعَلَۃٌ ضُحَکَۃٌ (بہت زیادہ ہنسنے والا)، فَعُّوْلٌ قَیُّوْمٌ (بہت قائم کرنے والا)، فُعُّوْلٌ قُدُّوْسٌ (بہت پاک)، فُعَّلٌ قُلَّبٌ (بہت زیادہ پلٹنے والا)۔ اوزان مبالغہ میں تذکیر و تانیث کا کوئی فرق نہیں ہوتا جیسے رَجُلٌ عَلَّامَۃٌ (بہت جاننے والا مرد)، اِمْرَأَۃٌ عَلَّامَۃٌ (بہت جاننے والی عورت)۔

تمرین

1۔ اسم مبالغہ کی تعریف اور اوزان بیان کریں۔

2۔ درج ذیل صیغوں کی پہچان کریں۔

غَفَّارٌ (بہت معاف کرنے والا)، بَشِیْرٌ (بہت خوشخبری دینے والا)، نَذِیْرٌ، غَیُوْرٌ، قُدُّوْسٌ، عَجُوْلٌ، مِقْوَلٌ، نَفَّاعٌ، مِضْرَابٌ، کَذُوْبٌ۔

سبق نمبر 18

اسم تفضیل

تعریف:۔ وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات پر دلالت کرے جس میں بہ نسبت دوسرے کے مصدری معنی کی زیادتی پائی جائے جیسے اَکْبَرُ (سب سے بڑا)۔

بنانے کا طریقہ:۔ ثلاثی مجرد افعال سے اس کا مذکر کا صیغہ اَفْعَلُ اور مؤنث کا صیغہ فُعْلٰی کے وزن پر آتا ہے۔ اس کے آخر میں تنوین نہیں آتی کیونکہ یہ غیر منصرف ہے جیسے اَکْبَرُ، اَنْصَرُ وغیرہ۔

اسم تفضیل کی گردان

مذکر اَضْرَبُ، اَضْرَبَانِ، اَضْرَبُوْنَ، اَضَارِبُ مؤنث ضُرْبٰی، ضُرْبَیَانِ، ضُرْبَیَاتٌ، ضُرَبٌ۔

جن افعال میں رنگ، عیب یا حلیہ کا معنی پایا جائے یا وہ غیر ثلاثی ہوں تو ان سے اسم تفضیل اَفْعَلُ کے وزن پر نہیں آتا بلکہ ان کے مصدر سے پہلے اَکْبَرُ، اَشَدُّ یا اَکْثَرُ کا لفظ زیادہ کرتے ہیں جیسے اَشَدُّ حُمْرَۃً، اَشَدُّ اِکْرَامًا۔

نوٹ:۔ جس فعل میں ظاہری عیب کا معنی پایا جائے اس سے اَفْعَلُ کے وزن پر صفت مشبہ کا صیغہ آتا ہے نہ کہ اسم تفضیل کا جیسے اَحْمَرُ، اَصْفَرُ (زرد رنگ) اور باطنی عیب کا معنی جس فعل میں پایا جائے اس سے اَفْعَلُ کے وزن پر اسم تفضیل آتا ہے جیسے جَھْلٌ (نہ جاننا) سے اَجْھَلُ۔

جس فعل کا معنی فرق کو قبول نہ کرے اس سے بھی اسم تفضیل اَفْعَلُ کے وزن پر نہیں آتا۔

نوٹ:۔ اسم تفضیل عام طور پر اسم فاعل کے معنی میں استعمال ہوتا ہے جیسے اَضْرَبُ (سب سے زیادہ مارنے والا) لیکن بعض اوقات اسم مفعول کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے جیسے اَشْھَرُ (سب سے زیادہ مشہور)۔

Scanned with CamScanner

سبق نمبر 19

اسمِ آلہ

اسم آلہ سے مراد وہ اسمِ مشتق ہے جو اس شئی پر دلالت کرے جو کام کرنے کا ذریعہ اور واسطہ ہو جیسے مِضْرَبٌ (ہتھوڑا)، مِفْتَاحٌ (چابی)۔

بنانے کا طریقہ:۔ یہ ثلاثی مجرد افعال سے مِفْعَلٌ کے وزن پر آتا ہے اور اس کے نو صیغے ہیں جیسے مِضْرَبٌ، مِضْرَبَانِ، مَضَارِبُ، مِضْرَبَۃٌ، مِضْرَبَتَانِ، مَضَارِبُ، مِضْرَابٌ، مِضْرَابَانِ، مَضَارِيْبُ۔

غیر ثلاثی افعال سے اسم آلہ کا صیغہ نہیں آتا، اگر ان افعال سے اسم آلہ کا صیغہ بنانا ہو تو مصدر سے پہلے ''مَابِہٖ'' کا اضافہ کردیں جیسے مَابِہِ الْاِکْرَامُ، مَابِہِ الْاِنْفِطَارُ۔

اسم آلہ کے تین اوزان ہیں مِفْعَلٌ، مِفْعَالٌ، مِفْعَلَۃٌ جیسے مِغْزَلٌ (چرخہ) مِنْشَارٌ (آری)، مِرْوَحَۃٌ (پنکھا) کبھی اسم آلہ فَاعَلٌ کے وزن پر بھی آتا ہے جیسے خَاتَمٌ (مہر لگانے کا آلہ)، عَالَمٌ (جاننے کا آلہ) لیکن اس صورت میں مطلقاً اسم کا معنی غالب ہوتا ہے۔ اشتقاقی معنی استعمال نہیں ہوتا یعنی مہر لگانے کے ہر آلہ کو ''خاتم'' اور جاننے کے ہر آلہ کو ''عالم'' نہیں کہتے۔

نوٹ:۔ علامہ تفتازانی کے نزدیک اسم آلہ صرف فعل متعدی سے بنتا ہے کیونکہ وہ فاعل کے فعل کا اثر مفعول تک پہنچانے کا فائدہ دیتا ہے اور فعل لازم کا مفعول نہیں ہوتا لیکن جن کے نزدیک اسم آلہ وہ ہوتا ہے جو فعل کا ذریعہ ہو ان کے نزدیک لازم سے بھی اسم آلہ آتا ہے۔

سبق نمبر 20

اسم ظرف

تعریف:۔ وہ اسم مشتق جو اس زمان یا مکان پر دلالت کرے جس میں فعل واقع ہو جیسے مَنْصَرٌ (مدد کرنے کی جگہ یا وقت)، مَضْرِبٌ (مارنے کی جگہ یا وقت)۔

بنانے کا طریقہ:۔ ثلاثی مجرد افعال سے اس کے دو وزن آتے ہیں مَفْعِلٌ، مَفْعَلٌ اگر مضارع کا عین کلمہ مسکور ہو تو مَفْعِلٌ کے وزن پر آئے گا جیسے یَضْرِبُ سے مَضْرِبٌ اور اگر مضارع کا عین کلمہ مفتوح یا مضموم ہو تو مَفْعَلٌ کے وزن پر آئے گا جیسے یَشْرَبُ سے مَشْرَبٌ (پانی پینے کی جگہ یا وقت) اور یَدْرُسُ سے مَدْرَسٌ (سکول)۔

مثال سے اسم ظرف مَفْعِلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے مَوْقِعٌ (کھڑے ہونے کی جگہ) اور مضاعف سے اسم ظرف کا صیغہ کس وزن پر آتا ہے؟ بعض نے مطلق کہا ہے کہ مَفْعِلٌ کے وزن آتا ہے جس طرح قرآن پاک میں ہے اَیْنَ الْمَفَرُّ اور یہ فَرَّ یَفِرُّ سے ہے لیکن یہ اطلاق درست نہیں کیونکہ قرآن پاک میں موجود ہے حَتّٰی یَبْلُغَ الْھَدْیُ مَحِلَّہٗ اس آیت میں مَحِلٌّ اسم ظرف ہے جو حَلَّ یَحِلُّ سے بنا ہے۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ مَفَرٌّ اسم ظرف نہیں بلکہ مصدر میمی ہے لہٰذا مضاعف مضارع مفتوح اور مضموم العین سے مَفْعَلٌ اور مسکور العین سے مَفْعِلٌ کے وزن پر آئے گا جیسے یَحِلُّ سے مَحِلٌّ، یَضُمُّ سے مَضَمٌّ اور یَمَسُّ سے مَمَسٌّ۔

نوٹ:۔ مضارع مضموم العین سے خلاف قیاس بارہ الفاظ مَفْعِلٌ کے وزن پر آئے ہیں جو درج ذیل ہیں: (1) مَشْرِقٌ (سورج نکلنے کی جگہ)، (2) مَغْرِبٌ (سورج کے غروب ہونے کی جگہ)، (3) مَطْلِعٌ (طلوع آفتاب کی جگہ)، (4) مَسْجِدٌ (سجدہ گاہ)، (5) مَسْقِطٌ (گرنے کی جگہ)، (6) مَسْکِنٌ (رہنے کی جگہ)، (7) مَنْخِرٌ (سانس کی نالی)، (8) مَنْبِتٌ (اگنے کی جگہ)، مَرْفِقٌ (کہنی رکھنے کی جگہ)، 10 مَفْرِقٌ (مانگ)،

Scanned with CamScanner

(11) مَنسکٌ (قربان گاہ)، (12) مَجزرٌ (اونٹ ذبح کرنے کی جگہ)۔

اسم ظرف کے چھ صیغے استعمال ہوتے ہیں جو درج ذیل ہیں۔

مَضْرِبٌ، مَضْرِبَانِ، مَضَارِبُ، مَضْرِبَۃٌ، مَضْرِبَتَانِ، مَضَارِبُ۔

ظرف کی دو قسمیں ہیں: 1۔ظرف زمان 2۔ظرف مکان۔

ظرف زمان:۔ وہ اسم جو اس وقت پر دلالت کرے جس میں فعل واقع ہو مَضْرِبٌ (مارنے کا وقت)۔

ظرف مکان:۔ وہ اسم جو اس جگہ پر دلالت کرے جس میں فعل واقع ہو جیسے مَصْنَعٌ (کارخانہ) غیر ثلاثی افعال سے اسم ظرف اسم مفعول کے وزن پر آتا ہے جیسے اَکْرَمَ سے مُکْرَمٌ، اِنْفَطَرَ سے مُنْفَطَرٌ۔

تمرین

1۔ اسم تفضیل کی تعریف اور احکام بیان کریں۔

2۔ اسم آلہ کی تعریف اور اوزان بیان کریں۔

3۔ اسم ظرف کی تعریف اور اوزان بیان کریں۔

4۔ درج ذیل مصادر سے اسم تفضیل، اسم آلہ اور اسم ظرف کی گردان کریں۔

غَسْلٌ (دھونا)، طَلَبٌ (طلب کرنا)، شَھَادَۃٌ (گواہی دینا)، شَرَافَۃٌ (شریف ہونا)، مَنْعٌ (روکنا)۔

5۔ درج ذیل سے اسم تفضیل، آلہ اور ظرف الگ الگ کریں۔

وَعِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ، کَمِشْکٰوۃٍ فِیْھَا مِصْبَاحٌ، اَصْدَقُ، نُعْمٰی، خَیْرٌ، مَطْلَعٌ، مَسَاجِدُلِلّٰہِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ، مَرْکَبٌ، مَقْتَلٌ۔

سبق نمبر 21

ثلاثی مجرد

ثلاثی مجرد سے مراد وہ فعل ہے جس میں تین حروف اصلیہ کے علاوہ کوئی حرف زائد نہ ہو جیسے نَصَرَ اس کے چھ ابواب استعمال ہوتے ہیں۔

باب کی تعریف:۔ باب کا لغوی معنی دروازہ ہے لیکن اصطلاح میں اس سے مراد یہ ہے کہ ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب اور مضارع کا صیغہ واحد مذکر غائب ملا کر بولا جائے تو اسے باب کہتے ہیں جیسے ضَرَبَ یَضْرِبُ۔

1۔ضَرَبَ یَضْرِبُ، 2۔نَصَرَ یَنْصُرُ، 3۔سَمِعَ یَسْمَعُ، 4۔فَتَحَ یَفْتَحُ، 5۔حَسِبَ یَحْسِبُ، 6۔کَرُمَ یَکْرُمُ۔

پہلے تین ابواب اصول یا اُمّ الابواب کہلاتے ہیں اور باقی تین فروع۔ کیونکہ ان کے ماضی اور مضارع کے عین کلمہ کی حرکات متفق ہوتی ہیں۔ ان ابواب کی گردانیں درج ذیل ہیں۔

صرف صغیر کی تعریف:۔ افعال اور اسمائے مشتقہ کے ابتدائی صیغے لے کر مسلسل گردان کرنے کو صرف صغیر کہتے ہیں۔

صرف صغیر میں مصدر کو منصوب کیوں ذکر کرتے ہیں؟

اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ مفعول مطلق ہے اس لئے منصوب ہے اور ''ف'' لگانے کی وجہ یہ ہے کہ یہ فصیحیہ ہے اور جزاء پر اس کا اضافہ کیا گیا ہے اصل عبارت یوں ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰالِکَ فَھُوَ نَاصِرٌ پھر اس پر اعتراض تھا کہ اسم فاعل اور مفعول سے پہلے ضمیر کیوں ذکر کی گئی ہے؟ تو اس کا جواب یہ دیا گیا کہ اسم فاعل اور اسم مفعول اعراب کے مستحق ہیں۔ اس لئے ان سے پہلے ضمیر ذکر کی تا کہ وہ مبتداء بن جائے اور اسم فاعل و مفعول اس کی خبر۔

ضمیر غائب کا انتخاب کیوں کیا گیا؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ اسم فاعل اور اسم مفعول

Scanned with CamScanner

تَعَلّٰی، یَتَعَلّٰی، تَعَلِّیًا فَهُوَ مُتَعَلٍّ وَتُعُلِّیَ، یُتَعَلّٰی،تَعَلِّیًا، فَذَاکَ مُتَعَلًّی، لَمْ یَتَعَلَّ، لَمْ یُتَعَلَّ...... الخ۔

ناقص یائی از باب تفعل تَمَنٍّ (آرزو کرنا)

تَمَنّٰی، یَتَمَنّٰی، تَمَنِّیًا فَهُوَ مُتَمَنٍّ وَتُمُنِّیَ، یُتَمَنّٰی، تَمَنِّیًا فَذَاکَ مُتَمَنًّی لَمْ یَتَمَنَّ...... الخ۔

لفیف مفروق از باب تفعل تَوَلٍّ (دوستی کرنا)

تَوَلّٰی، یَتَوَلّٰی، تَوَلِّیًا، فَهُوَ مُتَوَلٍّ وتُوُلِّیَ، یُتَوَلّٰی، تَوَلِّیًا، فَذَاکَ مُتَوَلًّی ...... الخ۔

لفیف مقرون از باب تفعل تَقَوٍّ (پرہیزگار ہونا)

تَقَوّٰی، یَتَقَوّٰی،تَقَوِّیًا فَهُوَ مُتَقَوٍّ وَتُقُوِّیَ، یُتَقَوّٰی، تَقَوِّیًا، فَذَاکَ مُتَقَوًّی...... الخ۔

ناقص واوی از باب تفاعل تَعَالٍ (بلند ہونا)

تَعَالٰی، یَتَعَالٰی، تَعَالِیًا، فَهُوَ مُتَعَالٍ وَتُعُوْلِیَ، یُتَعَالٰی، تَعَالِیًا، فَذَاکَ مُتَعَالًی...... الخ۔

ناقص یائی از باب تفاعل تَمَارٍ (شک کرنا)

تَمَارٰی، یَتَمَارٰی، تَمَارِیًا فَهُوَ مُتَمَارٍ وَتُمُوْرِیَ، یُتَمَارٰی، تَمَارِیًا، فَذَاکَ مُتَمَارًی ...... الخ۔

لفیف مفروق از باب تفاعل تَوَالٍ (مسلسل کام کرنا)

تَوَالٰی، یَتَوَالٰی، تَوَالِیًا فَهُوَ مُتَوَالٍ وَتُوُوْلِیَ، یُتَوَالٰی، تَوَالِیًا، فَذَاکَ مُتَوَالًی ...... الخ۔

لفیف مقرون از باب تفاعل تَسَاوٍ (برابر ہونا)

تَسَاوٰی، یَتَسَاوٰی، تَسَاوِیًا فَهُوَ مُتَسَاوٍ وَتُسُوْوِیَ، یُتَسَاوٰی، تَسَاوِیًا فَذَاکَ مُتَسَاوًی...... الخ۔

نوٹ:۔ ان ابواب کی گردانیں مکمل کریں اور تعلیل بھی بیان کریں۔

ناقص واوی از باب افتعال اِحْتِبَاءٌ (گھٹنے کھڑے کر کے چادر باندھ کر بیٹھنا)

اِحْتَبٰی، یَحْتَبِیْ، اِحْتِبَاءً، فَهُوَ مُحْتَبٍ وَاُحْتُبِیَ، یُحْتَبٰی، اِحْتِبَاءً فَذَاکَ مُحْتَبًی۔

ناقص یائی از باب افتعال اجتباءٌ (برگزیدہ ہونا)

اِجْتَبٰی، یَجْتَبِیْ، اِجْتِبَاءً، فَهُوَ مُجْتَبٍ وَاُجْتُبِیَ، یُجْتَبٰی، اِجْتِبَاءً فَذَاکَ مُجْتَبًی والامر منهُ اِجْتَبِ والنهی عنه لا تَجْتَبِ۔

والظرف منه:۔ مُجْتَبًی...... الخ۔

لفیف مقرون از باب افتعال اِلْتِوَاء (پیچیدہ ہونا)

اِلْتَوٰی، یَلْتَوِیْ، اِلْتِوَاءً، فَهُوَ مُلْتَوٍ وَاُلْتُوِیَ، یُلْتَوٰی، اِلْتِوَاءً، فَذَاکَ مُلْتَوًی۔

والامر منه:۔اِلْتَوِ۔

والنهی عنه:۔لَاتَلْتَوِ۔

والظرف منه:۔مُلْتَوًی...... الخ۔

ناقص واوی از باب انفعال اِنْمِحَاءٌ (مٹ جانا)

اِنْمَحٰی، یَنْمَحِیْ، اِنْمِحَاءً، فَهُوَ مُنْمَحٍ واُنْمُحِیَ بِهٖ، یُنْمَحٰی بِهٖ، اِنْمِحَاءً فَذَاکَ مُنْمَحًی بِهٖ۔

والامر منه:۔اِنْمَحِ۔

Scanned with CamScanner

والنهی عنه:۔لَاتَنْمَحِ، لَايُنْمَحْ بِکَ۔

والظرف منه:۔مُنْمَحًی...... الخ۔

لفیف مقرون از باب انفعال اِنْزِوَاءٌ (گوشہ نشین ہونا)

اِنْزَوٰی، یَنْزَوِیْ، اِنْزِوَاءً، فَهُوَ مُنْزَوٍ وَاُنْزُوِیَ بِهٖ، یُنْزَوٰی بِهٖ، اِنْزِوَاءً، فَذَاکَ مُنْزَوًی بِهٖ۔

والامر منه:۔اِنْزَوِ۔

والنهی عنه:۔لَاتَنْزَوِ۔

والظرف منه:۔مُنْزَوًی...... الخ۔

ناقص واوی از باب استفعال اِسْتِعْلَاءٌ (بلند ہونا)

اِسْتَعْلٰی،یَسْتَعْلِیْ،اِسْتِعْلَاءً فَهُوَ مُسْتَعْلٍ وَاُسْتُعْلِیَ،یُسْتَعْلٰی،اِسْتِعْلَاءً فَذَاکَ مُسْتَعْلًی۔

والامر منه:۔اِسْتَعْلِ۔

والنهی عنه:۔لَا تَسْتَعْلِ۔

والظرف منه:۔مُسْتَعْلًی...... الخ۔

ناقص یائی اِسْتِغْنَاءٌ (بے پرواہ ہونا)

اِسْتَغْنٰی، یَسْتَغْنِیْ، اِسْتِغْنَاءً، فَهُوَ مُسْتَغْنٍ...... الخ۔

لفیف مفروق اِسْتِیْفَاءٌ (پورا کرنا)

اِسْتَوْفٰی، یَسْتَوْفِیْ، اِسْتِیْفَاءً، فَهُوَ مُسْتَوْفٍ واُسْتُوْفِیَ یُسْتَوْفٰی، اِسْتِیْفَاءً، فَذَاکَ مُسْتَوْفًی۔

والامر منه:۔اِسْتَوْفِ۔

والنهی عنه:۔لَا تَسْتَوْفِ۔

والظرف منه:۔مُسْتَوْفًی...... الخ۔

نوٹ:۔مذکورہ ابواب کی گردانیں بمع تعلیل مکمل کریں۔

تمرین

1۔تَدْعِیْنَ، تَرْضَیْنَ کون سے صیغے ہیں اور ان میں کیا تعلیل ہوئی ہے۔

2۔مَرْمِیٌّ اور مَرْضِیٌّ میں کیا تعلیل ہوئی ہے۔

3۔یَدْعُوْنَ اور تَدْعُوْنَ کون کونسے صیغے ہو سکتے ہیں نیز ان کی تعلیل بیان کریں۔

4۔درج ذیل مصادر سے صرف صغیر کریں۔

اِصْطِفَاءٌ (چننا)، مُوَالَاةٌ (باہم دوستی کرنا)، تَرَوٍّ (سیراب کرنا)، تَوْلِیَةٌ (والی بنانا)، اِدْنَاءٌ (قریب کرنا)۔

5۔درج ذیل صیغوں کی پہچان کریں۔

یَخْشَوْنَ، فَنَسُوْا، دَعَوْنَ، یَسْتَوُوْنَ، اَرِ، لَاتَطْفُوْا، قِ، لِیَا، اِتِ، لَاتُلْهِیَهُمْ، مُوْلٍ، اِسْتَفْشُوْا، تَسْمِیَةٌ، مُنْزَوًی، اِیْجَ، مِقْوَاءٌ۔

Scanned with CamScanner

سبق نمبر 47

خواص ابواب

ہر باب کئی معانی پر دلالت کرتا ہے۔ یہاں چند کثیر الاستعمال خصوصیات ابواب ذکر کی جاتی ہیں۔

1۔ **تعدیہ:** یعنی فعل لازم کو متعدی اور متعدی میں ایک اور مفعول کا اضافہ کرنا یہ خاصہ زیادہ باب افعال اور تفعیل میں پایا جاتا ہے جیسے کَرُمَ سے اَکْرَمَ اور کَرَّمَ۔(اس نے عزت کی)۔

2۔ **مشارکت:** یعنی دو آدمیوں کا مل کر کام کرنا یہ خاصہ باب مفاعلہ اور تفاعل میں پایا جاتا ہے جیسے خَاصَمَ، تَخَاصَمَ (باہم جھگڑا کرنا)۔

3۔ **مطاوعت:** یعنی فاعل کا اثر قبول کرنا یہ باب تفعّل، افتعال، انفعال، تفعلل، افعنلال اور افعلال کا خاصہ ہے جیسے:

قَطَّعْتُ الْخَشَبَ فَتَقَطَّعَ	میں نے لکڑی کاٹی پس وہ ٹکڑے ٹکڑے ہوگئی۔
جَمَعْتُ الْقَوْمَ فَاجْتَمَعُوْا	میں نے قوم کو جمع کیا پس وہ جمع ہوگئے۔
کَسَرْتُ الْخَشَبَ فَانْکَسَرَ	میں نے لکڑی توڑی پس وہ ٹوٹ گئی۔
سَرْوَلْتُهٗ فَتَسَرْوَلَ	میں نے اسے شلوار پہنائی پس اس نے پہن لی۔
حَرْجَمْتُ الْقَوْمَ فَاحْرَنْجَمُوْا	میں نے قوم کو جمع کیا پس وہ جمع ہوگئے۔
طَمْئَنْتُهٗ فَاطْمَئَنَّ	میں نے اسے مطمئن کیا پس وہ مطمئن ہوگیا۔

4۔ **مبالغہ:** یعنی کسی کی کیفیت یا مقدار میں زیادتی بیان کرنا یہ باب افعال تفعیل، افعیعال اور افعوال کا خاصہ ہے جیسے اَسْفَرَ الصُّبْحُ (صبح خوب روشن ہوئی)، حَمَّدَ (اس نے بار بار تعریف کی)، اِخْشَوْشَنَ (وہ بہت سخت ہوا)، اِجْلَوَّذَ (وہ تیزی سے دوڑا)۔

5۔ **طلب:** کسی چیز کا طلب کرنا، مانگنا اور یہ باب تفعّل اور استفعال کا خاصہ ہے جیسے

تَعَجَّلَ الشَّیْئَ (اس نے چیز کو جلدی طلب کیا)، اِسْتَغْفَرَ (اس نے بخشش طلب کی)۔

6۔ **لزوم:** یعنی فعل کا لازم ہونا باب کَرُمَ یَکْرُمُ، انفعال، افعلال، افعیلال، افعنلال اور افعلال ہمیشہ لازم استعمال ہوتے ہیں اور باب سَمِعَ یَسْمَعُ، افعیعال اور افعوال اکثر لازم استعمال ہوتے ہیں جیسے کَرُمَ (وہ سخی ہوا)، اِنْفَطَرَ (وہ پھٹا)، اِحْمَرَّ (وہ سرخ ہوا)، اِدْھَامَّ (وہ سیاہ ہوا)، اِحْرَنْجَمَ (وہ جمع ہوا)، اِقْشَعَرَّ (وہ کانپا)، فَرِحَ (وہ خوش ہوا)، اِخْشَوْشَنَ (وہ سخت ہوا)، اِجْلَوَّذَ (وہ جلدی چلا)۔

Scanned with CamScanner

سبق نمبر48

مصدر کے اوزان

مصدر کے مشہور اور کثیر الاستعمال اوزان درج ذیل ہیں۔

فُعل:۔قَتْلٌ، عِلْمٌ، شُرْبٌ۔ فِعْلَةٌ:۔رَحْمَةٌ، خِدْمَةٌ، قُدْرَةٌ۔

فُعْلٰی:۔دَعْوٰی، ذِکْرٰی، بُشْرٰی۔ فُعْلَانٌ:۔طَیَرَانٌ، حِرْمَانٌ، غُفْرَانٌ۔

فُعَلٌ:۔طَلَبٌ، صِغَرٌ، هُدًی۔ فِعَالٌ:۔ذَهَابٌ، اِبَاءٌ، سُؤَالٌ۔

فُعَالَةٌ:۔زِهَادَةٌ، دِرَايَةٌ، بُغَايَةٌ۔

مزید فیہ کے مصادر

1۔باب تفعیل کا مصدر درج ذیل اوزان پر آتا ہے تَفْعِلَةٌ جیسے تَسْمِيَةٌ، فَعَالٌ جیسے کَلَامٌ، فِعَالٌ جیسے بِلَالٌ، فِعَّالٌ جیسے کِذَّابٌ، تَفْعَالٌ جیسے تَکْرَارٌ۔

2۔باب مفاعلہ کا مصدر فِعَالٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے قِتَالٌ۔

3۔باب فعللہ کا مصدر فِعْلَالٌ اور فَعْلَلٰی کے وزن پر آتا ہے جیسے زِلْزَالٌ، قَهْقَرٰی۔

مصدر میمی:۔ وہ مصدر جس کی ابتداء میں میم زائد ہو اور یہ میم باب مفاعلہ کی نہ ہو جیسے مَنْطِقٌ۔

بنانے کا طریقہ:۔ ثلاثی مجرد افعال سے اس کے دو وزن آتے ہیں مَفْعَلٌ اور مَفْعِلٌ جیسے مَرْکَبٌ، مَدْخَلٌ اور مَوْعِدٌ، مَرْجِعٌ۔

غیر ثلاثی افعال سے اسم مفعول کے وزن پر آتا ہے جیسے مُکْرَمٌ، مُصَرَّفٌ۔

نوٹ:۔ کبھی مصدر میمی کے آخر میں ''ۃ'' کا اضافہ کر دیتے ہیں جیسے مَسَرَّةٌ، مَحَبَّةٌ۔

سبق نمبر49

فعل اصل ہے یا مصدر؟

کوفیوں اور بصریوں کا اس بات میں اختلاف ہے کہ فعل اصل ہے یا مصدر، کوفیوں کے نزدیک فعل اصل ہے اور بصریوں کے نزدیک مصدر اصل ہے۔

اصل اختلاف اس میں ہے کہ فعل ماضی کو مادہ اور اصل قرار دے کر مشتق منہ کہا جائے اور مصدر کو اس کی فرع اور اسے ماضی سے مشتق مانا جائے یا اس کے برعکس یعنی یہ اختلاف مطلق نہیں بلکہ اشتقاق کے اعتبار سے ہے۔

بصری مصدر کے اصل ہونے پر معنی سے استدلال کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ مصدری معنی تمام افعال اور اسمائے مشتقہ میں پایا جاتا ہے لہٰذا لفظ مصدر بھی تمام مشتقات کے لئے اصل اور مادہ ہونا چاہئے۔ جبکہ کوفی لفظوں سے استدلال کرتے ہیں مثلاً یہ کہ اکثر مصدر تعلیل میں فعل کے تابع ہوتا ہے جیسے يَعِدُ عِدَةً اور يَوْجَلُ، وَجْلًا اور تعلیل کا تعلق لفظوں سے ہے پس مصدر لفظ میں فعل کی فرع ہے اور اسی سے مشتق ہے اور یہ کہنا کہ فعل اعلال میں اصل ہے نہ کہ اشتقاق میں، صحیح نہیں کیونکہ مدعی یہ ہے کہ فعل اشتقاق میں اصل ہے اور اعلال کا تعلق لفظوں سے ہے جب فعل کا اس میں اصل ہونا ثابت ہو گیا تو اشتقاق میں بھی اصل ہونا ثابت ہوگا۔

اس بات میں غور کرنا چاہئے کہ کیا فعل ماضی مادہ اور اصل بننے کی صلاحیت رکھتا ہے یا مصدر؟ تو تامل سے یہ بات واضح ہوئی کہ ماضی میں مادہ اور اصل ہونے کی لیاقت موجود ہے مصدر میں نہیں۔

فعل ماضی میں تمام حروف مصدر لازمی پائے جاتے ہیں جبکہ اس کا برعکس نہیں جیسے شَهَادَةٌ سے شَهِدَ اور کَرَاهِيَةٌ سے کَرِهَ۔ چنانچہ ثلاثی مجرد کے چند مصادر کے علاوہ تمام اوزان میں مصدر کے حروف ماضی کے حروف سے زائد ہیں۔ جیسے قَتْلٌ، قَتَلَ، فِسْقٌ،

Scanned with CamScanner

فَسَقَ، شُکُرٌ، شَکَرَ۔

نیز تفاعل، تفعل اور تفعلل میں بھی ماضی اور مصدر کے حروف برابر ہیں لہٰذا یہ بات واضح ہوئی کہ اصل اور مادہ بننے کی صلاحیت اسی میں ہوگی جو تمام فروعات میں پایا جائے اور وہ اصل نہیں ہوسکتا جس کے حروف تمام فروعات میں نہ ہوں نیز اصل بننے کی صلاحیت مزید علیہ میں ہوتی ہے نہ کہ مزید فیہ میں اور مزید علیہ ماضی ہے لہٰذا یہی اصل ہوگی۔

آپ نے کہا ماضی کے تمام حروف مصدر میں پائے جاتے ہیں حالانکہ اِخْشَوْشَنَ میں واؤ ہے اور اِخْشِیْشَان (مصدر) میں واؤ نہیں اور اِدْھَامَّ میں الف ہے اور اِدْھِیْمَامٌ میں نہیں۔

اِخْشَوْشَنَ کی واؤ اور اِدْھَامَّ میں الف ماقبل کسرہ کی وجہ سے ی سے بدل گئے ہیں۔ لہٰذا اصل کے اعتبار سے واؤ اور الف مصدر میں موجود ہیں۔ یہ بھی فعل کے اصل اور مادہ ہونے کی دلیل ہے کیونکہ اگر مصدر اصل ہوتا تو اس کے تمام حروف ماضی میں پائے جاتے اور ماضی اِخْشَیْشَنَ اور اِدْھَیْمَمَ آتی اور اسی طرح تمام افعال اور اسمائے مشتقہ بھی۔ جیسے یَخْشَیْشِنُ، مُخْشَیْشِنٌ وغیرہ لیکن یہ ی کے ساتھ نہیں آئے بلکہ واؤ اور الف کے ساتھ آئے ہیں۔ جس سے معلوم ہوا کہ مصدر اصل نہیں۔

سوال:۔ یہ قول درست نہیں کہ ماضی کے تمام حروف مصدر میں پائے جاتے ہیں۔ جیسے باب تفعیل کی ماضی میں "ع" کلمہ مشدد ہوتا ہے اور مصدر میں نہیں۔

جواب:۔ باب تفعیل کے مصدر میں جو ماضی کا حرف مکرر نہیں پایا جاتا۔ محققین کے نزدیک یائے تفعیل کی اصل وہی حرف مکرر ہے یعنی تَحْمِیْدٌ اصل میں تَحْمِمْدٌ تھا۔ دوسری میم کو ی سے بدل دیا تو تَحْمِیْدٌ ہوا اور مضاعف میں اکثر دوسرے حرف کو حرف علت سے بدلتے ہیں تاکہ ثقل دور ہوجائے جیسے دَسّٰھَا اصل میں دَسَّسَھَا تھا آخری سین کو الف سے بدل دیا۔

سوال:۔ تمہارا یہ کہنا کہ تفعیل کے مصدر میں ی دراصل حرفِ مکرر ہے۔ تفعیل کے ان

مصادر پر صادق نہیں آتا جو تفعیل کے وزن پر نہیں جیسے تَبْصِرَۃٌ وغیرہ اور باب مفاعلہ کے مصدر قِتَالٌ اور قِیْتَالٌ میں بھی کیونکہ ان مصادر میں ماضی کے تمام حروف موجود نہیں۔

جواب:۔ ہماری گفتگو ان مصادر کے متعلق ہے جو باب میں کلیۃً وارد ہوں اور وہ مصادر جو قلیل الوجود ہیں قابل اعتبار نہیں۔ سلامٌ اور کلامٌ پر اعتراض وارد نہیں ہوتا کیونکہ یہ مصدر نہیں بلکہ اسم مصدر ہیں اور قِیْتَالٌ مصدر میں ماضی کے تمام حروف موجود ہیں کیونکہ ماضی کا الف ماقبل کسرہ کی وجہ سے مصدر میں ی سے بدل گیا ہے اور قِتَالٌ، قِیْتَالٌ کا مخفف ہے لہٰذا ان تمام مصادر میں فعل ماضی کے تمام حروف موجود ہیں اگرچہ تقدیراً ہیں۔

دوسری دلیل:۔ فعل کے اصل ہونے کی دوسری دلیل یہ ہے کہ فعل مصدر کے بغیر پایا جاتا ہے۔ جیسے "لَیْسَ اور عَسٰی" فعل ہیں لیکن ان کا مصدر نہیں۔ اگر مصدر اصل ہوتا تو اس سے یہ لازم آتا کہ فرع کا وجود اصل کے بغیر پایا گیا اور مصدر فعل کے بغیر نہیں آتا۔

سوال:۔ یہ کہنا کہ مصدر بغیر فعل کے نہیں آتا صحیح نہیں کیونکہ بعض مصادر عقیمہ (بانجھ) ہیں جن کا فعل نہیں آتا مگر وہ مستعمل ہیں۔

جواب:۔ بعض مصادر جن کو عقیمہ کہا گیا ہے مثلاً مَتْنٌ اور تَقْسِیْمٌ ان دونوں سے فاعل کے علاوہ کوئی دوسرا صیغہ نہیں آتا یہ بات مسلم نہیں جیسا کہ قاموس میں ہے۔ قَسَّمَہٗ، یُقَسِّمُہٗ اس سے معلوم ہوا کہ تقسیم کا ماضی اور مضارع آتا ہے۔ ایسے ہی مَتْنٌ کا فعل آیا ہے جیسے مَتَنَ الْکَبْشُ (مینڈھے کا سینگ نکالنا)۔

تیسری دلیل:۔ بصریوں نے مصدر کے معنی (جائے صدور) کو مصدر کے اصل اور مادہ ہونے پر بطور دلیل پیش کیا ہے کہ اس سے افعال اور اسماء مشتق ہوتے ہیں مگر اشتقاق لفظی کی حقیقت میں غور کرنے سے یہ بات باطل ہوجاتی ہے کیونکہ اشتقاق لفظی کی حیثیت یہ ہے کہ دو لفظوں میں لفظی اور معنوی مناسبت ہو اور جہاں ایک لفظ سے دوسرے لفظ کو ماخوذ فرض کرنا آسان ہو۔ وہاں دوسرے لفظ کو پہلے لفظ سے مشتق قرار دیتے ہیں۔

نوٹ:۔ بصریوں نے ایک دلیل یہ دی ہے کہ جس طرح سونا اور چاندی سے زیور وغیرہ

Scanned with CamScanner

بنتے ہیں۔ ان میں تصرف کر کے ایک نئی شکل بنائی جاتی ہے اور ہر شکل میں اصل (یعنی سونا اور چاندی) موجود ہوتے ہیں اسی طرح تمام مشتقات میں مصدری معنی موجود ہوتا ہے لہٰذا مصدر اصل ہے۔

جواب :۔ اس کا جواب یہ ہے کہ مذکورہ مثال میں سونا چاندی پہلے سے موجود ہوتے ہیں اور ان میں تصرف کر کے کچھ بنایا جاتا ہے لیکن فعل سے پہلے مصدر کا پایا جانا ثابت نہیں لہٰذا فعل کے اشتقاق کو سونا چاندی کے زیورات کی مثل قرار دینا قیاس مع الفارق ہے۔

نوٹ :۔ بعض غیر محققین کا یہ کہنا صحیح نہیں کہ مصدر اشتقاق کے اعتبار سے اصل ہے اور فعل تعلیل کے اعتبار سے اصل ہے کیونکہ محل نزاع یہی ہے کہ اشتقاق میں فعل اصل ہے یا مصدر اور مطلق اصل ہونے میں اختلاف نہیں۔

سبق نمبر 50

نسبت کا بیان

نسبت کا لغوی معنی رابطہ اور تعلق ہے جبکہ اصطلاح میں اس سے مراد اسم کے آخر میں ''یاءِ مشدد ماقبل مکسور'' کا اس لئے اضافہ کرنا کہ اس اسم کے ساتھ کسی چیز کا تعلق ظاہر ہو سکے۔ جس اسم کے آخر میں ی لگائی جائے اس کو منسوب الیہ اور اس طرح جو اسم بنے اسے منسوب کہتے ہیں۔ جیسے هَاشِمِيٌّ اسم منسوب ہے اور هَاشِم منسوب الیہ ہے۔

نسبت میں صفت کا معنی پایا جاتا ہے۔ جیسے رَجُلٌ مَدَنِيٌّ لیکن اگر منسوب الیہ صفت ہو تو نسبت سے صفت میں مبالغہ مراد ہوتا ہے۔ جیسے أَحْمَرُ سے أَحْمَرِيٌّ (بہت سرخ رنگ والا)۔

مختلف اسماء کی نسبت کے طریقے مندرجہ ذیل ہیں۔

(1) تأنیث بالتاء :۔ اگر اسم کے آخر میں تاءِ تانیث ہو تو نسبت کے وقت گر جاتی ہے۔ جیسے مَكَّةُ سے مَكِّيٌّ، فَاطِمَةُ سے فَاطِمِيٌّ۔

(2) اسم مقصور :۔ (i) اگر الف مقصورہ تیسری جگہ ہو تو واؤ سے بدل جاتا ہے جیسے رَضَا سے رَضَوِيٌّ، فَتًى سے فَتَوِيٌّ۔

(ii) اگر چوتھی جگہ ہو اور دوسرا حرف ساکن ہو تو حذف کرنا اور واؤ سے بدلنا دونوں جائز ہیں۔ جیسے حُبْلٰى سے حُبْلِيٌّ اور حُبْلَوِيٌّ، مَلْهٰى سے مَلْهِيٌّ اور مَلْهَوِيٌّ۔ اگر الف تانیث کے لئے ہو تو حذف کرنا اور اگر واؤ اور ی کا بدل ہو تو واؤ سے بدلنا مختار ہے۔ جیسے حُبْلٰى سے حُبْلِيٌّ، مَرْضٰى سے مَرْضَوِيٌّ اور مَسْعٰى سے مَسْعَوِيٌّ واؤ سے بدلنے کی صورت میں واؤ سے پہلے الف کی زیادتی بھی جائز ہے جیسے حُبْلَاوِيٌّ، مَلْهَاوِيٌّ۔

(iii) اگر الف مقصور چوتھی جگہ ہو اور دوسرا حرف متحرک ہو یا چوتھی جگہ کے بعد کسی جگہ پر ہو تو الف مقصورہ کو حذف کرنا واجب ہے۔ جیسے بَرَدٰى سے بَرَدِيٌّ (دمشق کے وسط سے

Scanned with CamScanner

گزرنے والی نہر)، مُصْطَفٰی سے مُصْطَفِیٌّ اور مُسْتَشْفٰی سے مُسْتَشْفِیٌّ (ہسپتال)
اور اگر پانچویں جگہ ہو تو بعض کے نزدیک واؤ سے بدلنا بھی جائز ہے جیسے مُصْطَفٰی سے مُصْطَفَوِیٌّ۔

(3) اسم ممدود:۔ (i) اگر الف ممدودہ کے بعد ہمزہ اصلی ہو تو قائم رہتا ہے جیسے قُرَّاءٌ سے قُرَّاءِیٌّ۔

(ii) اگر علامت تانیث ہو تو واؤ سے بدلنا واجب ہے۔ جیسے بَیْضَاءُ سے بَیْضَاوِیٌّ، صَفْرَاءُ سے صَفْرَاوِیٌّ۔

(iii) اگر الف ممدودہ واؤ یا ی سے بدل کر آئے تو واؤ سے بدلنا اور نہ بدلنا جائز ہے مگر ہمزہ زیادہ فصیح ہے۔ جیسے کِسَاءٌ سے کِسَاءِیٌّ اور کِسَاوِیٌّ (کپڑا)، سَمَاءٌ سے سَمَاءِیٌّ اور سَمَاوِیٌّ، رِدَاءٌ سے رِدَاءِیٌّ اور رِدَاوِیٌّ (چادر)۔

(4) اسم منقوص:۔ (i) اگر اسم منقوص کی ی تیسری جگہ ہو تو واؤ ماقبل مفتوح سے بدل جاتی ہے جیسے اَلْعَمِیُ (اندھا) سے اَلْعَمَوِیُّ اور اَلشَّجِیُ (غمزدہ) سے اَلشَّجَوِیُّ۔

(ii) اگر ی چوتھی جگہ ہو تو واؤ ماقبل مفتوح سے بدلنا اور حذف کرنا دونوں جائز ہیں جیسے اَلْقَاضِیُ سے اَلْقَاضَوِیُّ اور اَلْقَاضِیُّ، اَلدَّاعِیُ سے اَلدَّاعِیُّ اور اَلدَّاعَوِیُّ۔

(iii) اگر ی پانچویں جگہ ہو تو حذف کرنا ضروری ہے جیسے المُتَهَدِی سے اَلْمُهْتَدِیُّ۔

(5) یائے مشدد:۔ (i) اگر یائے مشدد اسم کے درمیان میں ہو تو اسے مخفف کر دیتے ہیں۔ جیسے مَیِّتٌ سے مَیْتِیٌّ، کُشَیِّرٌ سے کُشَیْرِیٌّ۔

(ii) اگر یائے مشدد کلمہ میں دوسری جگہ ہو تو پہلی ی اپنے اصل کی طرف لوٹ جاتی ہے اور دوسری واؤ ماقبل مفتوح سے بدل جاتی ہے۔ جیسے حَیٌّ اور طَیٌّ سے حَیَوِیٌّ اور طَوَوِیٌّ۔

(iii) اگر ی مشدد تیسری جگہ ہو تو پہلی ی حذف ہو جاتی ہے اور دوسری واؤ ماقبل مفتوح سے بدل جاتی ہے جیسے عَلِیٌّ سے عَلَوِیٌّ اور نَبِیٌّ سے نَبَوِیٌّ۔

(iv) اگر ی مشدد چوتھی جگہ ہو تو وہی یائے نسبت کے قائم مقام ہو جاتی ہے جیسے شَافِعِیٌّ

سے شَافِعِیٌّ۔

(6) علم مرکب:۔ (i) اگر علم مرکب اسنادی یا مرکب مزجی ہو تو نسبت کے وقت دوسرا جز حذف ہو جاتا ہے جیسے تَأَبَّطَ شَرًّا سے تَأَبَّطِیٌّ، مَعْدِیْکَرِب (آدمی کا نام) سے مَعْدِیٌّ۔

(ii) اگر علم مرکب اضافی ہو اور مضاف لفظ أب، اُمّ یا ابن ہو تو مضاف کو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے اَبُوْبَکْرٍ سے بَکْرِیٌّ، اُمُّ کُلْثُوْمٍ سے کُلْثُوْمِیٌّ اور ابنُ عَبَّاسٍ سے عَبَّاسِیٌّ۔

اگر مضاف ان کے علاوہ کوئی اور کلمہ ہو تو کسی ایک کو حذف کر دیا جاتا ہے جس سے التباس نہ ہو جیسے عَبْدُ الْمُطَّلِبِ سے مُطَّلِبِیٌّ، رَأْسُ بَعْلَبَکَ (بعلبک اور حمص کے درمیان گاؤں کا نام) سے رَأْسِیٌّ۔ پہلی مثال میں مضاف اور دوسری میں مضاف الیہ محذوف ہیں۔

(7) فَعِیْلَةٌ اور فَعُوْلَةٌ:۔ (i) اگر کوئی کلمہ ان اوزان پر ہو اور وہ اجوف یا مضاعف نہ ہو تو نسبت فَعَلِیٌّ کے وزن پر آتی ہے۔ جیسے حَنِیْفَةٌ سے حَنَفِیٌّ، رَبِیْعَةٌ سے رَبَعِیٌّ اور کَهُوْلَةٌ سے کَهَلِیٌّ۔

(ii) اگر وہ کلمہ اجوف یا مضاعف ہو تو آخر سے ۃ گر جاتی ہے جیسے طَوِیْلَةٌ سے طَوِیْلِیٌّ اور جَلِیْلَةٌ سے جَلِیْلِیٌّ۔

(8) فُعَیْلَةٌ:۔ (i) اگر وہ کلمہ صحیح یا اجوف ہو تو ی اور ۃ حذف ہو جاتی ہیں۔ جیسے جُهَیْنَةٌ سے جُهَنِیٌّ، مُزَیْنَةٌ سے مُزَنِیٌّ اور عُیَیْنَةٌ سے عُیَنِیٌّ۔

(ii) اگر وہ کلمہ مضاعف ہو تو صرف ۃ گرتی ہے جیسے اُمَیْمَةٌ سے اُمَیْمِیٌّ اور حُمَیْمَةٌ (شام میں جگہ کا نام) سے حُمَیْمِیٌّ، هُرَیْرَةٌ سے هُرَیْرِیٌّ۔

(9) فَعِیْلٌ، فُعَیْلٌ:۔ (i) اگر یہ اوزان ناقص سے ہوں تو ی گر جاتی ہے جیسے عَلِیٌّ سے عَلَوِیٌّ اور قُصَیٌّ سے قُصَوِیٌّ۔

(ii) اگر ناقص سے نہ ہوں تو اپنی حالت پر قائم رہتی ہے۔ جیسے عَقِیْلٌ سے عَقِیْلِیٌّ، عُبَیْدٌ

سے عُبَیْدِیٌّ۔

(10) نسبت بغیر یاء: ۔ کبھی اسم جامد سے بغیر یائے نسبت کے فَاعِلٌ، فَعَّالٌ اور فَعِلٌ کا وزن بنا کر نسبت کا معنی حاصل کرتے ہیں۔ جیسے تَمَرٌ سے تَامِرٌ، لَبَنٌ سے لَابِنٌ، بَقَّالٌ (سبزی فروش)، عَطَّارٌ، بَزَّازٌ (کپڑا فروش)، طَعِمٌ (طعام والا)، لَبِسٌ (لباس والا)، لَبِنٌ (دودھ والا)۔

(11) ثلاثی اسم: ۔ چند ثلاثی اسم ایسے ہیں جن کے آخر سے حرف علت ہمیشہ محذوف ہوتا ہے۔ جیسے یَدٌ، دَمٌ، أَخٌ نسبت کے وقت حرف علت واپس آ جاتا ہے جیسے یَدَوِیٌّ، دَمَوِیٌّ، أَخَوِیٌّ۔

(12) بعض کلمات کی نسبت خلاف قاعدہ استعمال ہوتی ہے۔ جیسے حَقٌّ سے حَقَّانِیٌّ، وَحْدَةٌ سے وَحْدَانِیٌّ، بَصْرَةٌ سے بَصْرِیٌّ، یَمَنٌ سے یَمَانِیٌّ، نُوْرٌ سے نُوْرَانِیٌّ۔

سبق نمبر 51

اسم تصغیر کا بیان

تصغیر کا لغوی معنی چھوٹا کرنا ہے اور اصطلاح میں اس سے مراد یہ ہے کہ اسم میں ایک خاص قسم کا تغیر کر کے اس کے مدلول کی مقدار یا کیفیت میں کمی یا عظمت کو ظاہر کیا جائے۔ اس طرح کہ پہلے حرف کو ضمہ، دوسرے حرف کو فتحہ دے کر تیسری جگہ ''یائے تصغیر'' کا اضافہ کیا جائے۔ جس لفظ کو متغیر کریں اسے مُکَبَّر کہتے ہیں اور جو تغیر پا کر بنے اسے مُصَغَّر کہتے ہیں۔ جیسے رَجُلٌ سے رُجَیْلٌ، وَلَدٌ سے وُلَیْدٌ۔ تصغیر کے چند مشہور اوزان درج ذیل ہیں۔

(1) فُعَیْلٌ: ۔ جب اسم ثلاثی ہو یا اس کے آخر میں کوئی علامت تانیث ہو (ۃ الف مقصورہ، الف ممدودہ) یا وہ تثنیہ یا اَفْعَالٌ کے وزن پر جمع مکسر ہو یا اس کے آخر میں الف نون زائدہ تان ہوں تو ان کی تصغیر فُعَیْلٌ کے وزن پر آتی ہے۔ جیسے عَقْلٌ سے عُقَیْلٌ، شَجَرَةٌ سے شُجَیْرَةٌ (چھوٹا درخت)، حَمْرَاءُ (نام) سے حُمَیْرَاءُ (چھوٹی حمراء)، حُسْنٰی سے حُسَیْنٰی (چھوٹی حسنٰی)، قَلَمَانِ سے قُلَیْمَانِ (دو چھوٹے قلم)، اَجْمَالٌ سے اُجَیْمَالٌ (چھوٹے اونٹ)، قَبْلٌ سے قُبَیْلٌ (تھوڑا سا پہلے)، عُثْمَانُ سے عُثَیْمَانُ، حَسَنٌ سے حُسَیْنٌ (چھوٹا حسن)۔

(2) فُعَیْلِلٌ: ۔ جب اسم رباعی ہو یا اس کے آخر میں ۃ یا الف ممدودہ یا یائے نسبت یا الف نون زائدہ تان ہوں تو ان کی تصغیر فُعَیْلِلٌ کے وزن پر آتی ہے۔ جیسے مَشْرِقٌ سے مُشَیْرِقٌ، مَسْجِدٌ سے مُسَیْجِدٌ، حَنْظَلَةٌ سے حُنَیْظِلَةٌ (چھوٹا اندرائن)، خُنْفَسَاءُ سے خُنَیْفِسَاءُ (چھوٹا کیڑا)، ثُعْلُبَانُ سے ثُعَیْلِبَانُ (چھوٹا لومڑ)۔

(3) فُعَیْلِیْلٌ: ۔ جب اسم کا چوتھا حرف مدہ ہو تو اس کی تصغیر فُعَیْلِیْلٌ کے وزن پر آتی ہے۔ جیسے تِمْسَاحٌ سے تُمَیْسِیْحٌ (چھوٹا مگرمچھ)، عُصْفُوْرٌ سے عُصَیْفِیْرٌ (چھوٹی چڑیا)، اَقْلِیْدٌ (سنہری تار) سے اُقَیْلِیْدٌ۔

Scanned with CamScanner

اگر اسم چار حرفی کا ماقبل آخر حرف مدہ ہو تو اسے ی سے تبدیل کر کے یائے تصغیر میں ادغام کرتے ہیں جیسے کِتَابٌ سے کُتَیِّبٌ، صَبُوْحٌ سے صُبَیِّحٌ، بَلِیْغٌ سے بُلَیِّغٌ۔

(4) اگر کوئی اسم ظاہری صورت کے اعتبار سے تین حروف سے کم ہو تو تصغیر کے وقت درج ذیل طریقوں سے اس کے حروف تین بنائے جاتے ہیں اور پھر تصغیر بنائی جاتی ہے۔

(i) کسی اسم کا ف، ع یا ل کلمہ حذف ہو چکا ہو تو تصغیر کے وقت واپس آ جاتا ہے۔ جیسے عِدَةٌ سے وُعَیْدَةٌ (معمولی وعدہ)، أَخٌ سے أُخَیٌّ (اُخَیْوٌ) (چھوٹا بھائی)۔

(ii) اگر کوئی اسم مضاعف ہو تو ادغام کو فک کیا جاتا ہے جیسے مُدٌّ (ماپنے کا پیمانہ) سے مُدَیْدٌ اور حِبٌّ (محبوب) سے حُبَیْبٌ۔

(iii) اگر کوئی اسم وضع کے اعتبار سے دو حرفی ہو جیسے کسی کا نام لَمْ یا هَلْ رکھ دیا جائے تو تصغیر کے وقت مضاعف بنا دیا جاتا ہے جیسے لَمْ سے لُمَیْمٌ اور هَلْ سے هُلَیْلٌ۔

(5) جب اسم میں دوسری جگہ حرف علت ہو تو تصغیر کے وقت اپنے اصل کی طرف لوٹ جاتا ہے جیسے بَابٌ سے بُوَیْبٌ (چھوٹا دروازہ)، نَابٌ سے نُیَیْبٌ (چھوٹی داڑھ)، قِیمَةٌ سے قُوَیْمَةٌ (معمولی قیمت)، بُوسٌ سے بُؤَیْسٌ (معمولی فقر)، ذِیْبٌ سے ذُؤَیْبٌ (چھوٹا بھیڑیا)، رَاْسٌ سے رُءَیْسَةٌ (چھوٹا سر)۔

اگر اسم میں دوسری جگہ الف زائد یا مجہول الاصل (جس کی اصل معلوم نہ ہو) یا ہمزہ سے یا واؤ سے بدل کر آیا ہو تو تصغیر کے وقت واؤ سے بدل جاتا ہے۔ جیسے حَاکِمٌ سے حُوَیْکِمٌ (چھوٹا حاکم)، سَاجٌ سے سُوَیْجٌ (چھوٹا ساگوان)، حَالٌ سے حُوَیْلٌ (معمولی حالت)، اٰکِلٌ سے اُوَیْکِلٌ (کم کھانے والا)۔

اگر دوسری جگہ حرف علت حرف صحیح سے بدل کر آیا ہو تو اپنے اصل کی طرف لوٹ جاتا ہے جیسے دِیْنَارٌ سے دُنَیْنِیْرٌ (چھوٹا دینار) اصل میں دِنَّارٌ۔

(6) جب کوئی اسم مؤنث حقیقی یا مجازی ہو تو تصغیر کے وقت اس کے آخر میں تائے تأنیث ظاہر کی جاتی ہے۔ جیسے هِنْدٌ سے هُنَیْدَةٌ، عَیْنٌ سے عُیَیْنَةٌ (چھوٹی آنکھ)، اُذُنٌ سے

اُذَیْنَةٌ (چھوٹا کان)، اَرْضٌ سے اُرَیْضَةٌ (چھوٹی زمین)۔

(7) اسم تصغیر محبت، تعجب اور مبالغہ کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے جیسے بُنَیٌّ (پیارا بیٹا)، مَا اُحَیْسِنَهٗ (وہ کتنا خوبصورت ہے)، دُوَیْهِیَةٌ (بڑی مصیبت)۔

تمرین

1۔ اشتقاق کے اعتبار سے فعل اصل ہے یا مصدر، پسندیدہ مذہب کے دلائل بیان کریں۔

2۔ نسبت کی تعریف اور قواعد بیان کریں۔

3۔ تصغیر کی تعریف اور احکام بیان کریں۔

4۔ درج ذیل میں سے اسم منسوب، تصغیر اور مصدر کی پہچان کریں۔

اَعْجَمِیٌّ وعَرَبِیٌّ، اِذْ قَالَ لَهُمْ شُعَیْبٌ، مَا کَانَ اِبْرَاهِیْمُ یَهُوْدِیًّا وَ لَانَصْرَانِیًّا، لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ، یَابُنَیَّ، وَأَضَلَّهُمُ السَّامِرِیُّ، اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَیْءٌ عَظِیْمٌ، اِنَّ صَلٰوتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔

Scanned with CamScanner

سبق نمبر52

مشکل صیغوں کا بیان

1۔ فَتَقُوْن: صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معروف باب افتعال اور ہفت اقسام میں لفیف مفروق ہے اصل میں اِوْتَقِيُوْا تھا۔ باب افتعال کے ف کلمہ میں واؤ واقع ہوئی اسے ت سے بدل کر تائے افتعال میں ادغام کیا تو اِتَّقِيُوْا بن گیا پھری لام کلمہ میں مضموم ماقبل مکسور اور بعد میں واو جمع ہے ی کی حرکت ماقبل کو دے کر اسے اجتماع ساکنین سے حذف کر دیا۔

شروع میں ہمزہ وصلی تھا ف کی وجہ سے اسے گرا دیا اور آخر میں یائے متکلم تھی۔ اس لئے اس سے پہلے ن وقایہ کا اضافہ کیا تا کہ فعل کے آخر کو کسرہ لازم نہ آئے۔

2۔ فَرْهَبُوْنِ (فَارْهَبُوْن): صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معروف باب سَمِعَ يَسْمَعُ اور ہفت اقسام میں صحیح سالم ہے۔ شروع سے ہمزہ وصلی اور آخر سے یائے متکلم حذف ہوئی ہے باقی صیغہ اپنی اصل پر ہے۔

3۔ مَحْلُوْلِيْنَ: صیغہ جمع مذکر اسم مفعول ہفت اقسام میں مضاعف ثلاثی باب نصر ینصر اور ناقص یائی باب افعیعال اس کے علاوہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی منفی مجہول کا صیغہ بھی ہوسکتا ہے۔ اصل میں مَا اُحْلُوْلِيْنَ تھا ما کی وجہ سے ہمزہ وصلی گر گیا اور ملا کر پڑھنے کی وجہ سے ما کا الف بھی گر گیا۔

4۔ فَدّٰا رَئْتُمْ: صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معروف باب تفاعل ہفت اقسام میں مہموز اللام ہے۔ اصل میں تَدَارَئْتُم تھا۔ باب تفاعل کے ف کلمہ میں دال واقع ہوئی تائے تفاعل کو دال سے بدل کر دال میں ادغام کر دیا اور ف کلمہ ساکن ہونے کی وجہ سے شروع میں ہمزہ وصل کا اضافہ کیا اور شروع میں ف آنے کی وجہ سے ہمزہ وصل حذف ہو گیا۔

5۔ قَالِيْنَ: جمع مذکر اسم فاعل باب ضَرَبَ يَضْرِبُ۔ ہفت اقسام میں ناقص یائی۔

قرآن پاک میں ہے اِنِّی لِعَمَلِكُمْ مِنَ الْقَالِيْنَ۔ اصل میں قَالِيِيْنَ تھا یہ اس کی حالت نصبی یا جری ہے۔ ی کے کسرہ کو حذف کرنے کے بعد اجتماع ساکنین سے ی کو بھی گرا دیا اس میں ایک احتمال یہ بھی ہے کہ یہ صیغہ جمع مونث مخاطب فعل امر حاضر معروف باب مفاعلہ سے قَالِي، يُقَالِي، مُقَالَاةً۔

6۔ لَمْ يَكُ: صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع نفی جحد بلم معروف باب نَصَرَ يَنْصُرُ ہفت اقسام میں ناقص واوی ہے۔ اصل میں لَمْ يَكُوْنُ تھا واؤ متحرک ماقبل صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دی اور واؤ اجتماع ساکنین سے حذف ہوگئی اور نون کے گرنے کی وجہ یہ ہے کہ جب فعل ناقص پر حرف جازم داخل ہو تو نون کو گرانا جائز ہے۔ بشرطیکہ دوسرے ساکن اور ضمیر متصل سے ملا ہوا نہ ہو۔ جیسے لَمْ يَكُنْهُ، لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا، نون کے حذف کی مثالیں لَمْ اَكُ، لَمْ نَكُ۔

7۔ لَنَسْفَعًا: جمع متکلم فعل مضارع معروف با نون تاکید خفیفہ باب فَتَحَ يَفْتَحُ ہفت اقسام میں صحیح سالم اصل میں لَنَسْفَعَنْ تھا۔ نون خفیفہ کو تنوین کی صورت میں لکھا گیا ہے کیونکہ تنوین نون ساکن کا نام ہے اور نون خفیفہ بھی ساکن ہوتا ہے۔ لہٰذا تنوین کی مشاکلت کی وجہ سے نونِ خفیفہ بصورتِ تنوین لکھا جاتا ہے جبکہ اس کا ماقبل مفتوح ہو۔

8۔ لَمْ تَسْطِعْ: واحد مذکر مخاطب فعل مضارع معروف نفی جحد بلم باب استفعال ہفت اقسام میں اجوف واوی ہے اصل میں لَمْ تَسْتَطْوِعْ تھا۔ واؤ متحرک ماقبل صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے کر واؤ کو اجتماع ساکنین سے حذف کر دیا اور تائے استفعال کو تخفیفاً حذف کر دیا۔

9۔ عَصَوْا: جمع مذکر غائب فعل ماضی معروف باب نَصَرَ يَنْصُرُ ہفت اقسام میں ناقص واوی ہے۔ اصل میں عَصَوُوْا تھا واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدلا اور الف اجتماع ساکنین سے گر گیا۔ واؤ کے مشدد ہونے کی وجہ یہ ہے کہ واو جمع کو واو عاطفہ میں ادغام کیا گیا ہے۔ قرآن پاک میں ہے بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ اور قاعدہ یہ ہے کہ

Scanned with CamScanner

واؤ غیر مدہ کو واوِ عاطفہ میں ادغام کرتے ہیں۔

10۔ اَنَّمُنَّ: شروع میں أَنْ ناصبہ ہے اصل صیغہ نَمُنَّ ہے۔ أَنْ کے نون کو جمع متکلم کے نون میں ادغام کیا گیا ہے۔ صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معروف باب نَصَرَ یَنْصُرُ ہفت اقسام میں مضاعف ثلاثی ہے۔ اصل میں نَمْنُنُ تھا دو حرف ایک جنس کے متحرک اکٹھے ہوئے ماقبل صحیح ساکن ہے اس لئے پہلے کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے میں ادغام کر دیا۔

11۔ یَتَّقْهِ: واحد مذکر غائب فعل مضارع معروف باب افتعال ہفت اقسام میں لفیف مفروق اصل میں یَوْتَقِیُ تھا۔ باب افتعال کے ف کلمہ کی جگہ واؤ واقع ہوئی اسے تا سے بدل کر تائے افتعال میں ادغام کر دیا۔ ضمہ ی پر دشوار تھا اسے حذف کر دیا اور مَنْ کی وجہ سے آخر سے ی حذف ہوگئی۔ قرآن پاک میں ہے مَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَیَخْشَ اللّٰهَ وَیَتَّقْهِ۔ ی کے حذف کے بعد ضمیر مفعول لاحق ہوئی تو یہ فَعِلٌ کے وزن کی صورت بن گئی لہٰذا ق کو ساکن کر دیا۔

12۔ اَسْتَغْفَرْتَ: واحد مذکر مخاطب فعل ماضی معروف باب استفعال ہفت اقسام میں صحیح سالم اصل میں أَاِسْتَغْفَرْتَ تھا۔ ہمزہ استفہام کی وجہ سے ہمزہ وصلی حذف ہو گیا۔

13۔ لَنْفَضُّوا: جمع مذکر غائب فعل ماضی معروف باب انفعال ہفت اقسام میں مضاعف ثلاثی اصل میں لَاِنْفَضَضُوا تھا لام تاکید کی وجہ سے ہمزہ وصل گر گیا۔ دو حرف ایک جنس کے اکٹھے ہوئے دونوں متحرک ہیں لہٰذا پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کیا۔

14۔ تَظَاهَرُوْنَ: جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معروف باب تفاعل ہفت اقسام میں صحیح سالم اصل میں تَتَظَاهَرُوْنَ تھا تخفیفاً ایک ت کو حذف کر دیا۔

15۔ اِیْلَنَالَ: واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف باب اِفْعِنْلَال ہفت اقسام میں مضاعف رباعی اصل میں اِوْلَنْوَلَ تھا۔ پہلی واؤ ماقبل کسرہ کی وجہ سے ی میں تبدیل ہوگئی اور دوسری واؤ کا فتحہ ماقبل کو دے کر اسے الف سے بدل دیا۔

16۔ لَنَیَّا: واحد متکلم فعل مضارع معروف نفی تاکید بلن باب سَمِعَ یَسْمَعُ ہفت اقسام میں لفیف مقرون اصل میں لَنْ أُوْیَیَ تھا۔ ہمزہ متحرک ماقبل صحیح ساکن ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دی اور ہمزہ اجتماع ساکنین سے گر گیا۔ واؤ اور ی ایک کلمہ میں اکٹھے ہوئے اول ساکن واؤ کو ی سے بدلا اور ی کو ی میں ادغام کر دیا اب ی متحرک ماقبل مفتوح ی کو الف سے بدلا تو لَنَیَّا بن گیا۔

17۔ تَدَّعُوْنَ: جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معروف باب افتعال ناقص واوی اصل میں یہ تَدْتَعِوُوْنَ تھا۔ باب افتعال کے ف کلمہ کی جگہ دال واقع ہوئی لہٰذا تائے افتعال کو دال سے بدل کر دال میں ادغام کر دیا اور واؤ بسبب زیادتی پانچویں جگہ واقع ہوئی اسے ی سے بدلا اور ی لام کلمہ میں مضموم ماقبل مکسور بعد میں واوِ جمع ہے ی کی حرکت ماقبل کو دی اور اجتماع ساکنین سے ی گر گئی۔

18۔ یَهِدِّیُ: واحد مذکر غائب فعل مضارع معروف باب افتعال ناقص یائی اصل میں یَهْتَدِیُ تھا ی پر ضمہ دشوار اسے حذف کر دیا اور باب افتعال کے ع کلمہ کی جگہ دال واقع ہوئی تائے افتعال کو دال سے بدلا اور دال کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو یَهَدِّیُ بن گیا۔ دوسرے دال کی حرکت کی مناسبت سے "ھ" کو کسرہ دینا بھی جائز ہے۔

19۔ خَصَّمَ: واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف باب افتعال ہفت اقسام میں صحیح سالم اصل میں اِخْتَصَمَ تھا۔ باب افتعال کے ع کلمہ کی جگہ پر ص واقع ہوئی تائے افتعال کو ص سے بدلا اور پہلے ص کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے میں ادغام کر دیا۔ ف کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصل گر گیا اس کو چار طرح پڑھنا جائز ہے۔ خَصَّمَ، خِصِّمَ، خَصِّمَ، خِصُّمَ۔

20۔ وَدَّکَرَ: واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف باب افتعال ہفت اقسام میں صحیح سالم۔ یہ ذَکَرَ سے بنا ہے اصل میں اِذْتَکَرَ تھا واؤ کی وجہ سے ہمزہ وصل گر گیا۔ باب افتعال کے ف کلمہ میں ذال واقع ہوئی تائے افتعال کو دال سے بدلا اور ذال کو دال سے

Scanned with CamScanner

بدل کر دال میں ادغام کر دیا اور دال کو ذال سے بدل کر ادغام کرنا بھی جائز ہے جیسے اِذَّکَرَ اور بغیر ادغام کے پڑھنا بھی جائز ہے جیسے اِذْ دَکَرَ۔

21۔ مُزْدَجَرٌ: مصدر میمی باب افتعال ہفت اقسام میں صحیح سالم اصل میں مُزْتَجَرٌ تھا۔ باب افتعال کے ف کلمہ میں زا واقع ہوئی۔ تائے افتعال کو دال سے بدلا اور دال کو زا سے بدل کر ادغام کرنا بھی جائز ہے۔ نیز اسم مفعول اور ظرف کا صیغہ بھی ہوسکتا ہے۔

22۔ فَمَنِضُطُرَّ: واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول باب افتعال ہفت اقسام میں مضاعف ثلاثی ہے۔ اصل میں فَمَنْ اُضْتُرِرَ تھا۔ ہمزہ وصل درمیان میں آنے کی وجہ سے حذف ہوگیا اور مَنْ کے نون کو کسرہ دیا کیونکہ یہ اصول ہے کہ جب کسی ساکن کو حرکت دی جائے تو کسرہ دیا جاتا ہے اور تاء امتعال صناد کے باعث طاء ہوگئی اور آخر پر دو حرف ایک جنس کے اکٹھے ہوئے دونوں متحرک ہیں۔ پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا اور باب افتعال کے ف کلمہ کی جگہ پر ض واقع ہوئی لہٰذا تائے افتعال کو ض سے بدلا۔

23۔ جَاءٍ: واحد مذکر اسم فاعل باب ضَرَبَ یَضْرِبُ ہفت اقسام میں اجوف یائی اور مہموز اللام۔ اصل میں جَایِئٌ تھا ی اسم فاعل میں الف زائد کے بعد واقع ہوئی اسے ہمزہ سے بدلا۔ اب دو ہمزے جمع ہوئے ایک مکسور ہے دوسرے کو ی سے بدلا۔ ی پر ضمہ دشوار تھا اسے حذف کیا تو دو ساکن جمع ہوگئے ی اجتماع ساکنین سے گر گئی۔ بعض صرفیوں کے نزدیک جَایِئٌ میں قلب کرتے ہیں یعنی ی کو ہمزہ کی جگہ اور ہمزہ کو ی کی جگہ رکھتے ہیں اور باقی تعلیل وہی ہے۔

24۔ نَبْغِ: جمع متکلم فعل مضارع معروف باب ضَرَبَ یَضْرِبُ ہفت اقسام میں ناقص یائی۔ اصل میں نَبْغِیُ تھا ضمہ ی پر دشوار تھا حذف کر دیا اور حالت وقف میں ناقص کے آخر سے ی کو حذف کر دیا اور محققین کا قول ہے کہ عرب مطلق یَدْعُوْ اور یَرْمِیْ کو جزم اور وقف کے بغیر یَدْعُ اور یَرْمِ کہتے ہیں۔

25۔ فَقَدْ رَأَیْتُمُوْہُ: جمع مذکر مخاطب فعل ماضی قریب باب فَتَحَ یَفْتَحُ ہفت اقسام

میں مہموز العین اور ناقص یائی ہے شروع میں ف برائے تعقیب اور قد برائے تحقیق ہے۔ جب ھا ضمیر مفعول رَأَیْتُمْ کے آخر میں لاحق ہو تو تُمْ ضمیر کے بعد واوٗ ماقبل مضموم کا اضافہ کرتے ہیں اور واوٗ زائد کرنے کا قاعدہ یہ ہے کہ ضمیر کُمْ، هُمْ اور تُمْ کے بعد جب کوئی ضمیر لاحق ہو تو میم کے بعد واوٗ کا اضافہ کرتے ہیں اور میم کو ضمہ دیتے ہیں جیسے قَتَلْتُمُوْهُمْ، طَلَّقْتُمُوْهُنَّ جبکہ واحد مونث مخاطب کی ت مکسور کے بعد ی زائد کرتے ہیں جبکہ ت کے بعد ضمیر آئے۔ جیسا کہ صحیح بخاری میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول ہے لَوْ قَرَأْتِیْهِ لَوَجَدْتِیْهِ۔

26۔ اَنُلْزِمُکُمُوْهَا: جمع متکلم فعل مضارع معروف باب افعال ہفت اقسام میں صحیح سالم۔ شروع میں ہمزہ استفہام ہے اور کُمْ ضمیر مفعول اول اور ھا مفعول ثانی ہے۔ کُمْ کے آخر میں واوٗ کا اضافہ کیا اور میم کو ضمہ دیا۔

27۔ أَنْ سَیَکُوْنُ: واحد مذکر غائب فعل مضارع معروف باب نَصَرَ یَنْصُرُ ہفت اقسام میں اجوف واوی یہاں أَنْ ناصبہ نہیں بلکہ أَنَّ سے مخففہ ہے۔ عَلِمَ اور ظَنَّ کے بعد یہ أَنْ آتا ہے اور نصب نہیں دیتا۔ اصل میں سَیَکْوُنُ تھا واوٗ متحرک ماقبل ساکن واوٗ کی حرکت ماقبل کو دی۔

28۔ قَرْنَ: جمع مونث مخاطب فعل اَمر حاضر معروف باب سَمِعَ یَسْمَعُ ہفت اقسام میں مضاعف ثلاثی اصل میں اِقْرَرْنَ تھا۔ ''ر'' کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی اور ''ر'' اجتماع ساکنین سے گر گئی۔ ف کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصل کی ضرورت نہ رہی اسے بھی گرا دیا۔ تفسیر بیضاوی میں ایک توجیہ یہ بھی ہے کہ قَرْنَ بروزن خَفْنَ، قَارَ، یَقَارُ بمعنی اِجْتَمَعَ سے ماخوذ ہے۔ اصل میں اِقْوَرْنَ تھا۔ واوٗ متحرک ماقبل صحیح ساکن واوٗ کی حرکت ماقبل کو دی واوٗ الف ہونے کے بعد حذف ہوگئی۔ فِ کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصل کی ضرورت نہ رہی اسے بھی حذف کر دیا۔

29۔ فَمَبَجَسَتْ: واحد مونث غائب فعل ماضی معروف باب انفعال ہفت اقسام میں

صحیح سالم اصل میں فَانْبَجَسَتْ تھا ف کی وجہ سے ہمزہ وصل درمیان کلام میں آنے کی وجہ سے گر گیا اور نون ساکن مابعد ب کی وجہ سے میم سے بدل گیا۔

30۔ مِتْنَا: جمع متکلم فعل ماضی معروف باب نَصَرَ یَنْصُرُ ہفت اقسام میں اجوف واوی۔ اصل میں مَوِتْنَا تھا۔ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدلا اور الف اجتماع ساکنین سے گر گیا۔ ماضی مکسور العین ہونے کی وجہ سے ف کلمہ کو کسرہ دیا۔ اس پر اعتراض یہ ہے کہ اگر یہ باب نَصَرَ سے ہو تو مُتْنَا ہونا چاہئے۔ مفسرین نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ یہ باب نَصَرَ یَنْصُرُ اور سَمِعَ یَسْمَعُ دونوں سے آتا ہے۔ جیسے مَاتَ یَمُوْتُ، مَاتَ یَمَاتُ اور قرآن پاک میں اس کی ماضی باب سَمِعَ سے جیسے أَإِذَا مِتْنَا اور مضارع باب نَصَرَ یَنْصُرُ سے مستعمل ہے جیسے یَمُوْتُ اور یَمُوْتُوْنَ۔

31۔ دَسّٰهَا: واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف باب تفعیل ہفت اقسام میں مضاعف ثلاثی ہے۔ اصل میں دَسَّسَهَا تھا۔ تیسرے س کو ی سے بدلا اور ی ماقبل مفتوح کو الف سے بدلا۔ حرف تضعیف کو حرف علت سے بدلنا کلام عرب میں عام ہے۔

32۔ فَظَلْتُمْ: جمع مذکر مخاطب فعل معروف باب سَمِعَ یَسْمَعُ ہفت اقسام میں مضاعف ثلاثی ہے۔ اصل میں ظَلِلْتُمْ تھا۔ قاعدہ یہ ہے کہ عرب دو ہم جنس حروف میں سے ایک کو حذف کرتے ہیں۔ پہلے لام کو حذف کیا تو ظَلْتُمْ ہوا۔ بعض اوقات پہلے لام کی حرکت ماقبل کو دے کر ظ کے کسرہ کے ساتھ پڑھتے ہیں۔ جیسے ظِلْتُمْ۔

33۔ وَلْتَأْتِ: واحد مونث غائب فعل امر غائب و متکلم معروف باب ضَرَبَ یَضْرِبُ ہفت اقسام میں مہموز الفاء ناقص یائی۔ اصل میں لِتَأْتِیِ تھا شروع میں واؤ آنے کی وجہ سے لام امر ساکن ہو گیا اور آخر سے ی لام امر کی وجہ سے حذف ہو گئی۔

34۔ تَدْعِیْنَ: واحد مونث مخاطب فعل مضارع معروف باب نَصَرَ یَنْصُرُ ہفت اقسام میں ناقص واوی اصل میں تَدْعُوِیْنَ تھا۔ واؤ عین کلمہ کی جگہ مکسور ماقبل مضموم اور بعد میں یائے مخاطبہ آ رہی ہے لہٰذا واؤ کی حرکت ماقبل کو دی اور واؤ بعد کسرہ کے ی ہو گئی اور ی اجتماع

ساکنین سے گر گئی۔

35۔ لَمُلَّ: واحد متکلم فعل مضارع مجہول نفی جحد بلم باب سَمِعَ یَسْمَعُ ہفت اقسام میں مہموز العین اصل میں لَمْ اُلْئَنْ تھا۔ پہلا ہمزہ متحرک ماقبل صحیح ساکن ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دی اور ہمزہ اجتماع ساکنین سے حذف ہو گیا پھر دوسرا ہمزہ متحرک ماقبل صحیح ساکن ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دی اور ہمزہ اجتماع ساکنین سے حذف ہو گیا۔ اب لام اور نون قریب المخرج ہیں اس لئے نون کو لام سے بدلا اور لام کو لام میں ادغام کر دیا۔

36۔ اُتُّسِرْتُنَّ: جمع مؤنث مخاطب فعل ماضی مجہول باب افتعال ہفت اقسام میں مثال یائی اصل میں اُیْتُسِرْتُنَّ تھا۔ باب افتعال کے ف کلمہ میں ی واقع ہوئی اسے ت سے بدل کر تائے افتعال میں ادغام کر دیا۔

37۔ تَدْعُوْنَ: جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معروف باب نَصَرَ یَنْصُرُ ہفت اقسام میں ناقص واوی اصل میں تَدْعُوُوْنَ تھا۔ واؤ لام کلمہ میں مضموم اس کا ماقبل بھی مضموم ہے لہٰذا واؤ کی حرکت حذف کر دی اور واؤ کو اجتماع ساکنین سے گرا دیا اور اگر جمع مؤنث مخاطب کا صیغہ ہو تو اپنی اصل پر ہے۔

38۔ مُزَّمِّلٌ: واحد مذکر اسم فاعل باب تفعل ہفت اقسام میں صحیح سالم اصل میں مُتَزَمِّلٌ تھا۔ باب تفعل کے ف کلمہ میں ز واقع ہوئی لہٰذا تائے تفعل کو ز سے بدل کر ز میں ادغام کر دیا۔

39۔ مَبِیْعٌ: واحد مذکر اسم مفعول باب ضَرَبَ یَضْرِبُ ہفت اقسام میں اجوف یائی اصل میں مَبْیُوْعٌ تھا۔ ی متحرک ماقبل صحیح ساکن ی کی حرکت ماقبل کو دی اور ی اجتماع ساکنین سے حذف ہو گئی اب واؤ بعد کسرہ کے ی سے بدل گئی۔ اگر یہ اسم ظرف کا صیغہ ہو تو اصل میں مَبْیِعٌ تھا ی متحرک ماقبل صحیح ساکن ی کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی تو مَبِیْعٌ بن گیا۔

40۔ شَرٌّ: واحد مذکر اسم تفضیل باب نَصَرَ یَنْصُرُ ہفت اقسام میں مضاعف ثلاثی اصل میں اَشْرَرُ تھا۔ دو حرف ایک جنس کے متحرک ماقبل صحیح ساکن پہلے کی حرکت ماقبل کو دی اور

دوسرے میں ادغام کر دیا۔ف کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ حذف ہو گیا اور اس کے عوض آخر میں تنوین ڈال دی۔

41۔ خَيْرٌ: واحد مذکر اسم تفضیل باب ضَرَبَ يَضْرِبُ ہفت اقسام میں اجوف یائی اصل میں اَخْيَرُ تھا۔ی متحرک ماقبل صحیح ساکن ی کی حرکت ماقبل کو دی اور ہمزہ کو حذف کر کے اس کے عوض آخر میں تنوین ڈال دی۔

42۔قُلْنَ: اس صیغہ میں چند احتمال ہیں۔

(i) جمع مؤنث مخاطب فعل امر حاضر معروف باب نصر ینصر ہفت اقسام میں اجوف واوی اصل میں اُقْوُلْنَ تھا۔ واؤ متحرک ماقبل صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دی اور واؤ اجتماع ساکنین سے گر گئی۔ف کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصل کی ضرورت نہ رہی اسے بھی گرا دیا۔

(ii) جمع مؤنث غائب فعل ماضی معروف یا مجہول اصل میں قَوَلْنَ یا قُوِلْنَ تھا۔پہلی صورت میں واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدلا اور الف اجتماع ساکنین سے گر گیا۔اب چونکہ یہ واوی ہے اس لئے ف کلمہ کو ضمہ دیا اور فعل مجہول ہو تو اصل قُوِلْنَ تھی۔واؤ عین کلمہ کی جگہ مکسور اور ماقبل مضموم ہے۔ماضی معروف میں اس کی تعلیل ہو چکی ہے۔اس لئے ماقبل کی حرکت گرا کر واؤ کا کسرہ ماقبل کو دیا اور واؤ بعد کسرہ کے ی ہو گئی۔اب ی اجتماع ساکنین سے گر گئی اور واوی ہونے کی وجہ سے ف کلمہ کو ضمہ دیا۔

43۔ آسَمَانْ: تثنیہ مذکر اسم تفضیل باب نصر ینصر ہفت اقسام میں مہموز الفاء اصل میں اَءْسَمَانِ تھا۔ وقف کی وجہ سے نون ساکن ہو گیا اور شروع میں دو ہمزے جمع ہوئے۔ دوسرے ہمزہ کو پہلے کی حرکت کے مطابق الف سے تبدیل کیا تو آسَمَانْ بن گیا۔ دوسرا احتمال یہ ہے کہ یہ صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی معروف باب افعال ہو اور آخر سے ی متکلم حذف ہو گئی اور نون وقایہ وقف کی وجہ سے ساکن ہو گیا ہو اصل میں اَءْسَمَانِيْ تھا اور دوسرے ہمزہ کو پہلے کی حرکت کے مطابق الف سے تبدیل کر دیا۔

44۔اَرِ: واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معروف باب افعال ہفت اقسام میں مہموز العین اور ناقص یائی میں اصل میں اَرْئِيْ تھا۔آخر سے امر کی وجہ سے ی گر گئی اور ہمزہ متحرک ماقبل صحیح ساکن ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر تخفیفاً ہمزہ کو حذف کر دیا۔

45۔ اَرَيْنَ: جمع مؤنث غائب فعل ماضی معروف باب افعال ہفت اقسام میں مہموز العین اور ناقص یائی اصل میں اَرْئَيْنَ تھا۔ہمزہ متحرک ماقبل صحیح ساکن ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دی اور ہمزہ اجتماع ساکنین سے گر گیا۔

46۔ مُوْلِيْ: واحد مذکر اسم فاعل باب افعال ہفت اقسام میں لفیف مفروق اصل میں مُوْلِيٌ تھا۔ی پر ضمہ دشوار ہے اسے حذف کیا اور ی اجتماع ساکنین سے گر گئی۔اگر اس پر الف لام داخل نہ ہو تو مُوْلٍ پڑھا جائے گا اور معرف باللام ہو تو اَلْمُوْلِيْ یعنی ی قائم رہے گی۔

47۔ لِيَا: تثنیہ مذکر مخاطب فعل امر حاضر معروف باب حَسِبَ يَحْسِبُ ہفت اقسام میں لفیف مفروق اصل میں اِوْلِيَا تھا۔واؤ موافقت مضارع سے حذف ہوئی، ف کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصل کی ضرورت نہ رہی لہٰذا اسے بھی حذف کر دیا۔

48۔ مَرْضِيٌّ: واحد مذکر اسم مفعول باب سمع یسمع ہفت اقسام میں ناقص واوی اصل میں مَرْضُوْوٌ تھا۔واؤ کو ماضی اور مضارع کی موافقت سے ی سے بدلا، واؤ اور ی ایک کلمہ میں جمع ہوئے۔اول ساکن ہے واؤ کو ی سے بدل کر ی میں ادغام کر دیا اور ماقبل ضمہ کو ی کی وجہ سے کسرہ سے بدلا۔

49۔دَاعٍ: واحد مذکر اسم فاعل باب نصر ینصر ہفت اقسام میں ناقص واوی اصل میں دَاعِوٌ تھا واؤ بعد کسرہ کے طرف کلمہ میں واقع ہوئی اسے ی سے بدلا۔ی پر ضمہ دشوار تھا اسے گرا دیا تو دو ساکن جمع ہوئے اور ی اجتماع ساکنین سے گر گئی۔

50۔اِزْدَانَ: واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف باب افتعال ہفت اقسام میں اجوف یائی اصل میں اِزْتَيَنَ تھا۔ باب افتعال کے ف کلمہ کی جگہ زا واقع ہوئی تائے افتعال کو زا سے بدل کر زا میں ادغام کیا پھر ی متحرک ماقبل مفتوح ی کو الف سے بدلا۔

Scanned with CamScanner

51۔ زِنُوا: جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معروف باب ضرب یضرب ہفت اقسام میں مثال واوی اصل میں اِوْزِنُوا تھا۔ واؤ موافقت مضارع سے حذف ہوئی اور ف کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصل کی ضرورت نہ رہی اسے بھی حذف کردیا۔

52۔ عِدَۃٌ: مصدر از باب ضرب یضرب ہفت اقسام میں مثال واوی اصل میں وِعْدٌ تھا۔ واؤ کا کسرہ مابعد کو دے کر اسے حذف کردیا اور اس کے بدلے آخر میں ۃ کا اضافہ کردیا اور قاعدہ یہ ہے کہ جو مصدر مثال واوی سے فِعْلٌ کے وزن پر ہو اور اس کے مضارع سے واؤ حذف ہو چکی ہو تو اس واؤ کا کسرہ مابعد کو دے کر حذف کر دیتے ہیں اور اس کے عوض آخر میں ۃ کا اضافہ کرتے ہیں۔

53۔ مِیْجَلٌ: واحد مذکر اسم آلہ باب سمع یسمع ہفت اقسام میں مثال واوی اصل میں مِوْجَلٌ تھا۔ واؤ کسرہ کے بعد واقع ہوئی لہٰذا اسے ی سے بدلا۔

54۔ قِنَا: واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معروف باب ضرب یضرب ہفت اقسام میں لفیف مفروق اصل میں اِوْقِیْ تھا۔ امر کی وجہ سے آخر سے ی حذف ہوئی اور واؤ مضارع کی موافقت سے حذف ہوئی ف کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصل کی ضرورت نہ رہی اسے بھی گرادیا اور ''نا'' ضمیر مفعول ہے۔

55۔ ھَبْ: واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معروف باب فتح یفتح ہفت اقسام میں مثال واوی اصل میں اِوْھَبْ تھا۔ واؤ موافقت مضارع سے حذف ہوئی اور ہمزہ وصل کی ضرورت نہ رہی اسے بھی گرادیا کیونکہ ف کلمہ متحرک ہے۔

56۔ رِمْ: واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معروف باب حَسِبَ یَحْسِبُ ہفت اقسام میں مثال واوی اصل میں اِوْرِمْ تھا۔ واؤ موافقت مضارع اور ہمزہ استغناء کی وجہ سے حذف ہوگیا۔

57۔ مُدَّ: اس میں چند احتمال ہیں۔ (i) واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معروف باب نصر ینصر ہفت اقسام میں مضاعف ثلاثی اصل میں اُمْدُدْ تھا۔ دوسرے حرف کا سکون

عارضی یعنی امر کی وجہ ہے اس لئے پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دی اور اسے دوسرے میں ادغام کردیا۔ ف کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصل کی ضرورت نہ رہی اسے بھی گرادیا اب ادغام کی صورت میں دوسرے حرف پر تین اعراب جائز ہیں یعنی زبر، زیر اور پیش مُدَّ مُدِّ مُدُّ اور فک ادغام بھی جائز ہے یعنی ادغام نہ کرنا جیسے اُمْدُدْ۔

(ii) واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول اصل میں مُدِدَ تھا۔ پہلے حرف کی حرکت حذف کرکے اسے دوسرے میں ادغام کردیا کیونکہ ادغام کے لئے پہلے حرف کا ساکن ہونا شرط ہے۔

58۔ خُذْ: واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معروف باب نصر ینصر ہفت اقسام میں مہموز الفاء اصل میں اُءْ خُذْ تھا۔ قیاس کے مطابق اسے اُوْخُذْ آنا چاہئے تھا مگر خلاف قیاس، کثرت استعمال کی وجہ سے دونوں ہمزے حذف کردیئے۔

59۔ لَا تَحْزَنِیْ: واحد مذکر مخاطب فعل نہی معروف باب سمع یسمع ہفت اقسام میں صحیح سالم اصل میں لَا تَحْزَنُنِیْ تھا۔ اصل نون کو نون وقایہ میں ادغام کردیا۔

60۔ اَیِمَّۃٌ: یہ امام کی جمع ہے ہفت اقسام میں مضاعف ثلاثی اور باب نصر ینصر ہے اصل میں اَئْمِمَۃٌ تھا۔ دو حرف ایک جنس کے متحرک جمع ہوئے پہلے کی حرکت ماقبل کو دی اور اسے دوسرے میں ادغام کیا تو یہ اَئِمَّۃٌ بن گیا۔ مزید تعلیل کرنا بھی جائز ہے یعنی دو ہمزے جمع ہوئے ایک مکسور ہے لہٰذا دوسرے کو ی سے بدلنا تو یہ اَیِمَّۃٌ بن گیا۔ ہمزہ کو ی سے بدلا جائز ہے کیونکہ دوسرے ہمزہ کی حرکت عارضی ہے لازمی نہیں۔

61۔ مَقْرُوٌّ: واحد مذکر اسم مفعول باب فتح یفتح ہفت اقسام میں مہموز اللام ہے اصل میں مَقْرُوْءٌ تھا۔ ہمزہ متحرک اس کا ماقبل حرف مدہ زائد ہے اس لئے ہمزہ کو حرف مدہ کی جنس یعنی واؤ سے بدل کر واؤ میں ادغام کردیا۔

62۔ یَخْشَوْنَ: جمع مذکر غائب فعل مضارع معروف باب سمع یسمع ہفت اقسام میں ناقص یائی اصل میں یَخْشَیُوْنَ تھا۔ ی متحرک ماقبل مفتوح لہٰذا ی کو الف سے بدلا اور الف اجتماع ساکنین سے حذف ہوگیا۔

Scanned with CamScanner

63۔ مُصَیطِرٌ: واحد مذکر اسم فاعل باب ملحق برباعی دَحْرَجَ ہفت اقسام میں صحیح سالم اپنی اصل پر ہے بروزن مُدَحْرِجٌ۔

64۔ یَسْلَنْقِیْ: واحد مذکر غائب فعل مضارع معروف باب ملحق برباعی افعنلال ہفت اقسام میں ناقص یائی اصل میں یَسْلَنْقِیُ تھا۔ ی پر ضمہ دشوار تھا اسے حذف کر دیا۔

65۔ لَنَلَنَ: واحد متکلم فعل مضارع معروف نفی تاکید بلن باب سمع یسمع ہفت اقسام میں مہموز العین اصل میں لَنْ اَلْاَنَ تھا۔ پہلا ہمزہ متحرک ماقبل صحیح ساکن اس کی حرکت ماقبل کو دی اور اجتماع ساکنین سے اسے حذف کر دیا تو یہ لَنَلْاَنَ ہوا پھر دوسرا ہمزہ متحرک ماقبل صحیح ساکن اس کی حرکت ماقبل کو دی اور تخفیفاً ہمزہ کو حذف کر دیا۔

66۔ یُحَوْقِلُوْنَ: جمع مذکر غائب فعل مضارع معروف باب ملحق برباعی دَحْرَجَ بروزن حَوْقَلَ ہفت اقسام میں صحیح سالم یہ اپنی اصل پر ہے یعنی یُدَحْرِجُوْنَ۔

67۔ یُبَسْمِلُ: واحد مذکر غائب فعل مضارع معروف باب ملحق برباعی دَحْرَجَ ہفت اقسام میں صحیح سالم یہ اپنی اصل پر ہے۔

68۔ تَخَدِّمْنَ: جمع مؤنث مخاطب فعل مضارع معروف باب افتعال ہفت اقسام میں صحیح سالم اصل میں تَخْتَدِمْنَ تھا۔ باب افتعال کے عین کلمہ میں دال واقع ہوئی لہذا تائے افتعال کو دال سے بدلا اور دال کو دال میں ادغام کر دیا۔

69۔ لَاتَمُنُّ: واحد مذکر مخاطب فعل نہی معروف باب نصر ینصر ہفت اقسام میں مضاعف ثلاثی اس کو چند طرح پڑھنا جائز ہے یعنی ادغام کرنا اور نہ کرنا دونوں جائز ہے۔ دوسرے حرف کا سکون عارضی یعنی لائے نہی کی وجہ سے ہے۔ اس لئے پہلے حرف کی حرکت ماقبل میم کو دی اور نون کو نون میں ادغام کر دیا۔

ادغام کی صورت میں ماقبل حرف پر تین اعراب جائز ہیں یعنی لَاتَمُنَّ اور ادغام نہ کرنا بھی جائز ہے۔ جیسا کہ قرآن پاک میں ہے لَاتَمْنُنْ۔

70۔ اَشُدَّ: یہ شِدَّۃٌ کی جمع ہے۔ جس طرح اَنْعُمٌ، نِعْمَۃٌ کی جمع ہے۔ باب نصر ینصر

اور ہفت اقسام میں مضاعف ثلاثی ہے۔ تفسیر بیضاوی میں اسی طرح ہے۔

71۔ تَسْمِیَۃٌ: یہ باب تفعیل کا مصدر ہے ہفت اقسام میں ناقص واوی ہے۔ اصل میں تَسْمِیْوٌ تھا۔ قیاس کے مطابق اسے تَسْمِیٌّ ہونا چاہئے تھا مگر واؤ اور ی ایک کلمہ میں جمع ہوئے۔ اول ساکن واؤ کو ی سے بدلا اور ایک ی کو حذف کر کے اس کے عوض آخر میں ۃ کا اضافہ کر دیا۔

72۔ اِسَّمَّعَ: واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف باب تفعل ہفت اقسام میں صحیح سالم اصل میں تَسَمَّعَ تھا۔ باب تفعل کے ف کلمہ میں س واقع ہوئی۔ لہذا تائے تفعل کو س سے بدل کر ادغام کیا اور ف کلمہ ساکن ہونے کی وجہ سے شروع میں ہمزہ وصل کا اضافہ کیا۔

73۔ اِشَّجَّعَ: واحد مذکر غائب باب تفعل فعل ماضی معروف ہفت اقسام میں صحیح سالم اصل میں تَشَجَّعَ تھا۔ باب تفعل کے ف کلمہ میں ش واقع ہوئی لہذا تائے تفعل کو ش سے بدل کر ش میں ادغام کر دیا اور شروع میں ہمزہ وصل کا اضافہ کر دیا۔

74۔ اِشَّاجَرَ: واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف باب تفاعل ہفت اقسام میں صحیح سالم اصل میں تَشَاجَرَ تھا۔ باب تفاعل کے ف کلمہ میں ش واقع ہوئی۔ لہذا تائے تفاعل کو ش سے بدل کر ش میں ادغام کر دیا اور ف کلمہ ساکن ہونے کی وجہ سے شروع میں ہمزہ وصل لگا دیا۔

75۔ اِثَّاقَلْ: واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معروف باب تفاعل ہفت اقسام میں صحیح سالم اصل تَثَاقَلْ تھا۔ باب تفاعل کے ف کلمہ میں ث واقع ہوئی لہذا تائے تفاعل کو ث سے بدلا اور ث کو ث میں ادغام کر دیا۔ ف کلمہ ساکن ہونے کی وجہ سے شروع میں ہمزہ وصل کا اضافہ کیا۔

76۔ ھِدّٰی: واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف باب افتعال ہفت اقسام میں ناقص یائی اصل میں اِھْتَدَیَ تھا۔ باب افتعال کے عین کلمہ کی جگہ دال واقع ہوئی لہذا تائے افتعال کو دال سے بدلا تو یہ بن گیا اِھْدَدَیَ دو حرف ایک جنس کے متحرک ماقبل صحیح ساکن پہلے کی حرکت ماقبل کو دے کر ایک دال کو دوسری دال میں ادغام کر دیا۔ ف کلمہ متحرک ہونے کی وجہ

Scanned with CamScanner

سے ہمزہ وصل کی ضرورت نہ رہی اسے حذف کر دیا اور ی متحرک ماقبل مفتوح کو الف سے بدلا۔ اسے چار طرح پڑھنا جائز ہے:

(i) هَذٰی (ii) هَدِیَ (iii) هِذٰی (iv) هِدِیَ اور بغیر تعلیل کے اصل صورت پر رکھنا بھی جائز ہے جیسے اِهُتَدیٰ۔

والحمد لِلّٰه علی ذٰلک

بروز اتوار مورخہ 11-8-2002

حافظ احمد حسن کیلانی نقشبندی مجددی

Scanned with CamScanner